★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | پیر 6 جمادی الثانی 1446ھ 9 دسمبر 2024ء 23 مگھر 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 54

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔)

وزیراعلیٰ پنجاب اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ 8 روزہ کاری دورے پر چین روانہ

وزیر اعلیٰ کا ایئرپورٹ پر شاندار استقبال، گلدستہ پیش ، کیمونسٹ پارٹی آف چائنہ کے چھ عہدیدار اور پاکستانی سفیر ایئر پورٹ پر موجود

پاک چین دوستی بلندی کی انتہاؤں کی طرف گامزن ہے، چین کے اشتراک سے پنجاب کو اقتصادی اور معاشی بلندیوں پر لیجانا چاہتے ہیں، مریم نواز

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف پر وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا چین دورہ کامیاب، ایئرپورٹ پہنچنے پر پرتپاک استقبال کیا گیا اور انہیں گلدستہ پیش کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی حیثیت سے دورہ چین کے لئے بیجنگ پہنچ گئیں۔

بیجنگ ایئرپورٹ پر وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف پنجاب اور پاکستان کی وہیکل وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے دورہ چین کے لئے بیجنگ پہنچ گئیں۔ ایئرپورٹ پہنچنے پر پرتپاک استقبال کیا گیا اور انہیں گلدستہ پیش کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے استقبال کیلئے کیمونسٹ پارٹی آف چائنہ کے 6 اعلیٰ عہدیدار ایئرپورٹ پر موجود تھے۔ چین میں

باقی صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں نمبر 1



وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور وفد کا بیجنگ ایئرپورٹ پر پرتپاک استقبال کیا جارہا ہے

پی ٹی آئی کی آخری مڈکال شرمناک ناکامی پر ختم ہوگئی، رانا احسان افضل خان

قوم فلاح و بہبود کی بے قومی کی صورت مزید برداشت نہیں کی جائے گی، ہوآزو ڈپٹی وزیر اعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر رانا احسان افضل خان نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی اسلام آباد میں عالیہ احتجاجی کال پر تنقید کرتے ہوئے استعفاپ "مس کال" قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ پی

باقی صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں نمبر 2

وزیراعلیٰ مریم نواز کا ہیکر قومی اسمبلی ایاز صادق کی ہمشیرہ کے انتقال پر اظہار افسوس

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مرحوم خاندان سے تعمدردی و تعزیت کا اظہار کیا اور صبر جمیل کی دعا کی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ہیکر قومی اسمبلی ایاز صادق کی ہمشیرہ کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے سوگوار خاندان سے ہمدردی و تعزیت کا اظہار کیا اور صبر جمیل کی دعا کی۔

سپیکر سردار ایاز صادق کی ہمشیرہ انتقال کر گئیں، نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد سپرد خاک کر دیا گیا

وزیر اعظم شہباز شریف، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سمیت دیگر کا سردار ایاز صادق سے اظہار تعزیت

لاہور (این این آئی) ہیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی ہمشیرہ انتقال کر گئیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ گڑھی شاہو لاہور کے گلبرگ جنازگاہ میں ادا کی گئی۔ سابق صدر مملکت آصف علی زرداری نے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے تعزیت کی۔ نماز جنازہ میں اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کے پسماندگان، عزیز و اقارب نے شرکت کی۔ مرحومہ کو گڑھی شاہو قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا۔

وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ، سید توصیف شاہ، شاہد جبیلانی، کرنل (ر) محمد یوسف سمیت اعلیٰ سرکاری نظام، سیاسی شخصیات اور لیگی کارکنان کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ مرحومہ کو گڑھی شاہو قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا۔ سپیکر سردار ایاز صادق کی ہمشیرہ کے انتقال پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے بلندی درجات کی دعا کی۔

شام میں حکومت کا تختہ الٹ دیا گیا

اقتدار سے سابق وزیر اعظم کے حوالے بشارالاسد کی فرار ہوتے ہلاکت کی خبریں

شامی جنگجوؤں نے شام کے شہر حمص پر مکمل کنٹرول کا اعلان کیا ہے جبکہ سینٹرل جیل پر قبضہ کر کے 3500 قیدیوں کو بھی رہا کر دیا، باغیوں نے صدر بشارالاسد کے پورٹریٹ پھاڑ دیئے جبکہ بشارالاسد کے والد کا مجسمہ بھی گرا دیا

بشارالاسد حمص طیارے میں فرار ہوئے اس کا رابطہ ریڈار سے منقطع ہوگیا، ریڈار سے غائب ہونے سے قبل ایک غیر معمولی ٹرن لیا تھا، طیارہ ابتدائی طور پر شام کے ساحلی علاقے کی طرف بڑھا جو بشارالاسد کے علوی فرقے کا گڑھ ہے

دمشق (این این آئی) شام کے شہر حمص پر مکمل کنٹرول کا اعلان کیا ہے جبکہ سینٹرل جیل پر قبضہ کر کے 3500 قیدیوں کو بھی رہا کر دیا، باغیوں نے صدر بشارالاسد کے پورٹریٹ پھاڑ دیئے جبکہ بشارالاسد کے والد کا مجسمہ بھی گرا دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق شامی فورسز کو دارالحکومت دمشق میں داخل ہونے کا بلا روک ٹوک راستہ دیا گیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق شامی صدر بشارالاسد دمشق چھوڑ کر نامعلوم مقام پر منتقل ہوگئے، بشارالاسد کے مصدقہ مقام کی ابھی تک کوئی اطلاع نہیں ملی۔ بشارالاسد کے ملک سے فرار ہونے کی خبروں کے بعد شامی عوام نے دارالحکومت دمشق میں جشن منایا۔ شامی صدر بشارالاسد 24 سال سے اقتدار میں تھے۔

باقی صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں نمبر 3

وزیر اعظم شہباز شریف کی نواز شریف سے ملاقات، مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

شہباز شریف نے دورہ سعودی عرب سے متعلق آگاہ کیا، مدارس بل پر بھی اعتماد میں لیا

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف سے جاتی امرا میں ڈیڑھ گھنٹہ تک ملاقات کی۔ ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف نے صدر مسلم لیگ (ن) نواز شریف کو دورہ سعودی عرب سے متعلق آگاہ کیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے نواز شریف کو مدارس بل پر بھی اعتماد میں لیا۔ دونوں رہنماؤں نے جاتی امرا میں ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں نے جاتی امرا میں والدین کی قبروں پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی۔

ہماری حکومت ہر سطح پر بدعنوانی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے پرعزم ہے، شہباز شریف

کرپشن بدعنوانی ایک ایسا گھناؤنا عنصر ہے جو کسی بھی ملک کی معاشی ترقی کو نقصان پہنچاتا ہے، وزیر اعظم

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ 9 دسمبر کو انسداد بدعنوانی کا عالمی دن منایا جاتا ہے جو ہم سب کو اپنے معاشروں کو درپیش بدعنوانی کا مقابلہ کرنے کی عالمی کوششوں کی یاد دہانی ہے۔ اس سال کے عالمی دن کا موضوع "بدعنوانی کے خلاف نوجوانوں کے ساتھ متحد ہونا، بہتر کل کی سالمیت کی تشکیل" بجا طور پر اس اہم کردار کو اجاگر کرتا ہے جو ہمارے نوجوان بدعنوانی کے خلاف جنگ میں ادا کر سکتے ہیں۔ ہماری

باقی صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں نمبر 3

آزاد کشمیر حکومت نے متنازع صدارتی آرڈیننس واپس لے لیا، نو فیکشن جاری

عوامی ایکشن کمیٹی کا حکومت سے معاہدہ طے پانے کے بعد احتجاج ختم کرنے کا اعلان

مظفر آباد (این این آئی) آزاد جموں وکشمیر حکومت نے جملے جلوس اور ریلیوں پر پابندی سے متعلق متنازع صدارتی آرڈیننس واپس لے لیا۔ میڈیا

باقی صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں نمبر 4



لاہور، وزیر اعظم شہباز شریف سے مشیر وزیر اعظم برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ ملاقات کر رہے ہیں



لاہور، وفاقی وزیر اطلاعات عطاء تارڑ کرمس تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

عمران خان کی سول نافرمانی کی کال مضحکہ خیز ہنگامے کا ہوگی

وفاقی وزیر اطلاعات

سول نافرمانی اور تشدد کی سیاست کو عوام رد کر چکے ہیں، انہیں پہلے بھی عوام نے رد کیا، جھوٹا نعرہ لگانے والے دم دبا کر بھاگ گئے تھے

اب اس ملک میں انتشار و فساد نہیں ہوگا قوم شرانگیزی کے آگے سیسہ پلائی دیوار بن جائے گی، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا تارڑ کے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی سول نافرمانی اور تشدد کی سیاست کو عوام رد کر چکے ہیں، انہیں پہلے بھی عوام نے رد کیا، جھوٹا نعرہ لگانے والے دم دبا کر بھاگ گئے تھے، عمران خان کی سول نافرمانی کی کال ناکام ہوگی، سول نافرمانی اور تشدد کی سیاست کو عوام رد کر چکے ہیں، تم پیچن سے نافرمان ہو، انہیں پہلے بھی عوام نے رد کیا

باقی صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں نمبر 6

این ڈی ایم اے نے سیلاب سے متاثرہ ملاکنڈیا کے لیے امدادی سامان روانہ کر دیا

خیموں، کمبل، لحاف، بستر اور لائف جیکٹس پر مشتمل 40 ٹن سامان شامل تھا

سلام آباد (این این آئی) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے چارٹرڈ فلائٹ کے ذریعے سیلاب سے متاثرہ ملاکنڈیا کیلئے امدادی سامان روانہ کر دیا۔ سامان کی پہلی کھیپ کا لیپرد وانہ کر دی۔ این ڈی ایم اے کی جانب جاری پریس ریلیز کے مطابق

باقی صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں نمبر 10

حکومت اور اتحاد تنظیمات مدارس کا 2019ء کا معاہدہ منظر عام پر آگیا

معاہدہ پر پی ٹی آئی کے دور حکومت میں وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود نے کیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) 29 اگست 2019ء کو اتحاد تنظیمات مدارس اور حکومت کا معاہدہ منظر عام پر آگیا۔ اتحاد تنظیمات مدارس کے وزارت تعلیم سے مذاکرات ہوئے تھے۔ معاہدہ پی ٹی آئی کے دور حکومت میں وفاقی

باقی صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں نمبر 9

معاشی استحکام کے بعد ملک ترقی کی جانب تیزی سے گامزن ہے، احسن اقبال کھوکھر

روزگار کی فراہمی ملکی صنعتی ترقی اور غیر ملکی سرمایہ کاری میں مزید اضافے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، غیر ملکی سرمایہ کاری میں مزید اضافے کیلئے ہر ممکن اقدامات کریں گے، سینیٹر احسن اقبال

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ بار کے صدر منتخب ہونے پر سینیٹر احسن اقبال کھوکھر نے مبارکباد دی۔ سینیٹر احسن اقبال نے کہا کہ روزگار کی فراہمی ملکی صنعتی ترقی اور غیر ملکی سرمایہ کاری میں مزید اضافے کیلئے اقدامات کریں گے، روزگار کی فراہمی ملکی صنعتی ترقی اور غیر ملکی سرمایہ کاری میں مزید اضافے کیلئے

باقی صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں نمبر 8

عمران خان کو پیغام دیا قوم ہمت نہ ہارے، جدوجہد جاری رکھیں گے، مسرت جمشید چیمہ

جب آخری کارڈ دکھانے کی باری آئے گی اس وقت بھی قوم بھرپور ساتھ دے گی، سینئر رہنما پی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ قید و بند عزیمت تھکا نہیں بلکہ ہے، عمران خان سے طویل عرصے کی صعوبتوں کے باوجود عمران خان کے عزم و حوصلے کو دیکھ کر لگتا ہے قوم کیلئے جاری جدوجہد کو مزید تقویت ملی ہے، عمران خان سے طویل عرصے

باقی صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں نمبر 7

بشریٰ بی بی کو کوئی چھوڑ کر نہیں گیا، آن سب بھی رکھتے ہیں، خواجہ آصف

سول نافرمانی تب کامیاب ہوتی ہے جب عوام کا انحصار ریاست پر نہ ہو، اب ریاست عوام کو ہر چیز مہیا کر رہی ہے اگر ہمیں ترقی یافتہ بننا ہے تو امن، استحکام، پالیسیز کے تسلسل اور اصلاحات کو اپنانا ہوگا، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ اسلام آباد میں ہونے والے دھرنے

باقی صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں نمبر 11



گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان بلوچستان میں سیلاب سے متاثر ہونے والے مجموعہ حبیب شریف کے کنٹینر پر خطاب کر رہے ہیں

طاقت ور حلقوں سے مذاکرات پر یقین رکھتے ہیں، صاحبزادہ حامد رضا

مذاکرات کیلئے قائم کمیٹی کا پہلا اجلاس نہیں ہو سکا، کنوینر

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ سنی اتحاد کونسل صاحبزادہ حامد رضا نے کہا ہے کہ طاقت ور حلقوں سے مذاکرات پر یقین رکھتے ہیں، آج بھی اسی بات پر قائم ہیں کہ حکومت کے پاس مذاکرات کا اختیار نہیں۔ ایک اجلاس میں انہوں نے کہا کہ

باقی صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں نمبر 13

انتشار و فتنوں کے شکار ممالک ترقی نہیں کر سکتے، احسن اقبال

مکی ترقی کے لئے پالیسی کا تسلسل ضروری ہے ۔ وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی

یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور کی جانب سے ایلومنائی ری یونین تقریب سے خطاب

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور کی جانب سے ایلومنائی ری

باقی صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں نمبر 28



یو این ڈی کی ایلومنائی ری یونین تقریب میں وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر وفاقی وزیر احسن اقبال کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو پاک چائنہ فرینڈ شپ ایسوسی ایشن پاکستان کے صدر چیئرمین بزنس کونسل پاک چائنہ بزنس فورم میاں عامر محمود نے استقبالیہ دیا

توشہ خانہ کیس، بشریٰ بی بی کی ضمانت منسوخ کی درخواست سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد ہائی کورٹ کے جج جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب درخواست پر سماعت کریں گے

مقرر کردی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جج جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب درخواست پر سماعت

باقی صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں نمبر 27

ملک کو مزید نئے یا آخری کارڈ کی نہیں، امن کی ضرورت ہے، فرح ناز اکبر

پی ٹی آئی مسلسل عدم استحکام، تصادم کی خطرناک سیاست کر رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) پروفیشنل ریٹنگ قومی ورثہ فرح ناز اکبر نے اسلام آباد شعبہ خواتین انتظام آباد کی صدر مرکز قومی آسمبلی وفاقی پارلیمانی سیکرٹری تعلیم و

باقی صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں نمبر 29

بیرسٹر گوہر نے علیمہ خان کے بیان کی تردید کر دی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان کے بیان کی تردید کر دی۔ ایک انٹرویو میں ان سے سوال کیا گیا کہ علیمہ خان نے حکومت سے آپ کے مذاکرات کا ذکر کیا ہے جس پر بیرسٹر گوہر نے کہا کہ میرا 24 نومبر سے قبل

باقی صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں نمبر 26

قوم اپنی بہادر افواج کے ساتھ مل کر دہشتگردی کا قلع قمع کرے گی، حمزہ شہباز شریف

خوارج سے مقابلے میں وطن پر جان نچھاور کرنے والے کیپٹن فرخ سمیت 6 جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردی کے خلاف

باقی صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں نمبر 12



لاہور، وزیر اعظم شہباز شریف سے سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان ملاقات کر رہے ہیں

شام میں کشیدہ صورتحال، بیکڑوں پاکستانی زائرین پھنس گئے

کراچی (این این آئی) باقی میڈیا حیات الحریر الشام کے شام پر قبضے کے باعث بیکڑوں پاکستانی زائرین شام میں پھنس گئے۔ بشارالاسد کے ملک سے فرار ہونے کے بعد باغی میڈیا حیات الحریر الشام نے سرکاری عمارتوں اور ایئرپورٹس کا کنٹرول سنبھال لیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ ایئرپورٹ کی

باقی صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں نمبر 15

روس کا ایران کے راستے پاکستان تک ٹرین سروس شروع کرنے پر غور

ماسکو (این این آئی) روس کی جانب سے ایران کے راستے پاکستان تک ٹرین سروس شروع کرنے پر غور کیا جارہا ہے۔ پاکستان ریلوے حکام نے بتایا تھا کہ روس کے وزیر اعظم کی جانب سے ہونگیا میں کی اظہار مفروضوں پر مبنی ہے کیا ملک میں بجلی گیس

باقی صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں نمبر 16

شہباز شریف پارک، راول روڈ لائٹس سنٹر کی اپ گریڈیشن مکمل

شہریوں کی سہولت، بجلی کی بچت کیلئے لائٹس بنڈر کو جدید ترین ٹیکنالوجی سے آراستہ کیا گیا ہے، پی ٹی آئی اور راولپنڈی

راولپنڈی (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی ہیش فاطمہ کی قیادت میں ٹریفک پولیس راولپنڈی نے ایک میل عبور کرتے

باقی صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں نمبر 18

وزیر اعظم کے مہنگائی کم ہونے کے دعوے مفروضوں پر مبنی ہیں، لیاقت بلوچ

بجلی، گیس، پٹرول، ڈیزل، گھی، خوردنی تیل کی قیمتوں میں اضافہ جناب امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے وزیر اعظم شہباز شریف کے مہنگائی کم ہونے کے دعوے پر اپنے بیان میں

باقی صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں نمبر 16

پاکستان کی عزت سب سے پہلے اس کے بعد کچھ اور ہے، شہباز شریف

وزیر اعظم سے وزیر داخلہ و چیئرمین پی ٹی بی سی نقوی کی ملاقات، چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ کے انعقاد کے لیے مکمل طور پر تیار ہے، اچھی خبر سامنے آئیگی، محسن نقوی

پی ٹی بی سی پاکستان میں چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ کے انعقاد کے لیے مکمل طور پر تیار ہے، اچھی خبر سامنے آئیگی محسن نقوی

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر داخلہ و چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی نے ملاقات کر کے آئی سی سی

باقی صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں نمبر 19



لاہور، وزیر اعظم شہباز شریف سے وزیر داخلہ محسن نقوی ملاقات کر رہے ہیں

پی ٹی آئی احتجاج دوران فیک نیوز کے پھیلاؤ سے متعلق تحقیقاتی رپورٹ جاری

اسد قیصر کو پی ٹی آئی چیئرمین بنانے سے متعلق جعلی خبریں، بریگ نیوز بنیں، پھر اور پولی کلینک ہسپتال میں سینکڑوں لاشوں کی جعلی خبروں کے منفی اثرات ہوئے

بغیر تصدیق کے خبروں کے پھیلاؤ سے پاکستان کا عالمی سطح پر چہرہ مسخ ہوا، فیک نیوز کے سدباب سے متعلق ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کی ضرورت ہے، فیک نیوز ذمہ داران کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے، رپورٹ



کراچی، سینیٹر فیصل واوڈا ایم کیو ایم پاکستان کے مرکز میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

پاکستان کی چین کو طبی اور سرجیکل آلات کی برآمدات میں 5.189 اضافہ

جنوری سے اکتوبر تک چین کو 10.19 ملین ڈالر سے زائد مالیت کے طبی اور سرجیکل آلات برآمد کیے گئے

بیجنگ (این این آئی) رواں سال کے پہلے 10 ماہ میں پاکستان کی چین کو طبی اور جراحی کے آلات کی برآمدات میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، جو ملک کی صحت کی دیکھ بھال کے بڑھتے ہوئے شعبے کو سہارا دینے کے لیے چین کے کسٹمز کی ثبت رجحان کی نشاندہی کرتا ہے۔ چین کے کسٹمز کی

باقی صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں نمبر 24

عمران خان کا حوصلہ چٹان کی طرح ہے، رانا جاوید عمر

ملک کے نظام کا مذاق بنانے والے لوگوں کو خدا کا خوف کرنا چاہیے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما رانا جاوید عمر نے کہا ہے کہ عمران خان اور عوام کی آواز بند کرنے کی ہر کوشش ناکام ہوئی ہے

باقی صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں نمبر 23

کراچی میں سردی زور پکڑنے لگی، درجہ حرارت مزید 2 ڈگری کم ہوگیا

آج شہر کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 29 ڈگری سینٹی گریڈ تک جانے کا امکان ہے

کراچی (این این آئی) کراچی میں سردی اپنا زور پکڑتی جا رہی ہے جس کے سبب اتوار کو درجہ حرارت 2 ڈگری کم ہونے سے محکمہ موسمیات کراچی کا کہنا ہے کہ آج شہر کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 29 ڈگری سینٹی گریڈ تک جانے کا امکان ہے

باقی صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں نمبر 20

سندھ میں ایم ڈی کیٹ کا دوبارہ انعقاد، پرچہ میڈیا کے سامنے صندوقوں سے نکالا گیا

صوبے میں قائم 7 امتحانی مراکز میں یک وقت پرچہ جاری، 38 ہزار سے زائد طلبا امتحان میں حصہ لے رہے ہیں

کراچی (این این آئی) سندھ کے میڈیکل کالجوں میں داخلوں کے لیے آج ایم ڈی کیٹ کا انعقاد کیا جارہا ہے، صوبے

باقی صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں نمبر 21

روزنامہ قوت لاہور

سٹی نیوز

جعلسازوں کی جانب سے "خدمات" فراہم کرنے والی جعلی ویب سائٹ اپریٹ کرنے کا انکشاف

پاکستان کے علاوہ اوورسیز پاکستانیوں کا بڑی تعداد میں جعلسازوں کے ہاتھوں شکار ہونے کا خدشہ ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) جعلساز ہاورا کے نام پر تمام تر دستاویزاتی سہولیات گھر کی دہلیز پر دینے کی آڑ میں ڈیٹا حاصل کرنے لگے، جعلسازوں کی جانب سے "خدمات" فراہم کرنے والی جعلی ویب سائٹ اپریٹ کرنے کا انکشاف ہوا ہے۔ جعلی ڈی وی کی مطابق پاکستان کے علاوہ اوورسیز پاکستانیوں کا بڑی تعداد میں جعلسازوں کے ہاتھوں شکار ہونے کا خدشہ ہے، ہاورا کی جانب سے بھی باقاعدہ سائٹ سے رابطہ بحال رکھنے کی ہدایت کی گئی۔

جعلسازوں سے متاثرہ رقبے کے حوالے سے تشہیر شروع کر دی گئی۔ ہاورا کی جانب سے کیا گیا یہ دن صارف تعلیم پاکستانی جعلی ویب سائٹ پر ہاورا سے متعلق کسی قسم کی خدمات نہ لیں، ہدایت کی کہ گھر کی دہلیز پر شناختی دستاویزات کی تیاری سے متعلق جعلسازوں سے لین دین نہ کریں، شہریوں کو ہاورا پاک آئی ڈی ایپلیکیشن، آفیشل سوشل میڈیا ویب سائٹ سے رابطہ بحال رکھنے کی ہدایت کی گئی۔

پنجاب بھر میں 1539 ٹریفک حادثات میں 16 افراد جاں بحق 1655 زخمی ہوئے

لاہور (کرائم رپورٹر) ہی چسپی سرور ڈیفارمیشن نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1539 ٹریفک حادثات رپورٹ ہونے کا دعویٰ کیا ہے جن میں 718 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر زندگی کی طرف منتقل کیا گیا۔ 937 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں نے جائے حادثہ پر ریسپانس اور امدادفراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر جو بھی کم بوجھ ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (8 فیصد) موٹر سائیکل حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائسنس اور لین کے نظم وضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی ہائیڈ کوارٹر میں کل موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 887 موٹر سائیکل 87 کم عمر ڈرائیور، 598 مسافر اور 186 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ امداد و نجات کا ہنر بتاتا ہے کہ 296 ٹریفک حادثات کی فون کالز کا ہیڈ کنٹرول روم میں موصول ہوئیں جس میں موبائل فون کے استعمال کے 337 شہریوں کے ساتھ کیلی فیصل آباد 108 حادثات میں 120 شہریوں کے ساتھ دوسرے، گوجرانوالہ 75 حادثات میں 71 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔



صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ، جہلم میں اقلیتی برادری کے ہمراہ کرسمس کیک کاٹ رہے ہیں

کرسمس کی خوشیوں میں شرکت کیلئے صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ کا جہلم کا دورہ، اقلیتی کمیونٹی کے ہمراہ کرسمس کا کیک کاٹا

وزیر اعلیٰ پنجاب کی قیادت میں مذہبی اقلیتوں کے تہوار پورے جوش وخروش سے منائے جا رہے ہیں، گردوارے، مندر اور چرچ سمیت اقلیتی کمیونٹی کی املاک کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ و کرسمس کی خوشیوں میں شرکت کے لیے آج جہلم پہنچے، جہاں انہوں نے جینٹ فریڈ ہال ویسلے کالونی میں کرسمس کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے اقلیتی کمیونٹی کے ہمراہ کرسمس کا کیک بھی کاٹا۔ صوبائی وزیر نے اپنے خطاب میں کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی قیادت میں مذہبی اقلیتوں کے تہوار پورے جوش وخروش سے منائے جا رہے ہیں۔ 30 اکتوبر کو وزیر اعلیٰ کے ساتھ ملکی مرتبہ ہندو کمیونٹی کا تہوار منایا گیا اور اب دسمبر میں ہی وزیر اعلیٰ پنجاب کے ہاتھوں ایتالی گارڈوار کا افتتاح ہونے جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی لیپ ٹاپ سکیم میں اقلیتی طلباء کے لیے 2000 لیپ ٹاپ مختص کیے گئے ہیں تاکہ انہیں تعلیمی میدان میں مزید سہولت مل سکے۔ رمیش سنگھ اروڑہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ گردوارے، مندر اور چرچ سمیت اقلیتی کمیونٹی کی املاک کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے جبکہ موجد پنجاب تمام اقلیتی کمیونٹیز کو مساوی حقوق کی فراہمی یقینی بنا رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ میڈیکل اور انجینئرنگ یونیورسٹی میں اقلیتی کوٹہ پر عملدرآمد کرایا جا رہا ہے تاکہ اقلیتی طلباء کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع مل سکیں، آخر میں صوبائی وزیر نے کہا کہ "ہمیں ایک دوسرے کے ساتھ خوشیاں بانٹنی چاہئیں تاکہ معاشرتی ہم آہنگی اور محبت کو فروغ ملے۔" انہوں نے یہ بھی کہا کہ حکومت اپنے عزم میں ثابت قدم ہے کہ وہ اقلیتی کمیونٹی کے حقوق کے تحفظ اور ان کے بہتر مستقبل کے لیے کام کرتی رہے گی۔



صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ، ڈی سی نارووال کے ہمراہ میناریٹی کارڈ کی رجسٹریشن کے عمل کا جائزہ لینے کے بعد میڈیا نمائندگان سے گفتگو کر رہے ہیں

صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ کا ڈپٹی کمشنر نارووال آفس کا دورہ

میناریٹی کارڈز کی رجسٹریشن اور دیگر مراحل کا جائزہ

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے نارووال میں اقلیتی کارڈ کی رجسٹریشن عمل کا جائزہ لینے کے لئے ڈپٹی کمشنر نارووال آفس کا دورہ کیا اور وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے قائم کردہ اقلیتی کارڈ رجسٹریشن سینٹر کا معائنہ کیا۔ صوبائی وزیر نے اس پروگرام کو وزیر اعلیٰ پنجاب کا عام شہریوں اقلیتی کارڈ کا اجراء یقینی طور پر وزیر اعلیٰ پنجاب کا ایک اہم اور تاریخی پروگرام جائیں گے تاکہ اقلیتی کمیونٹی کے افراد کو آسانی ہوگا، جو اقلیتی برادری کے لئے اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ "وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ہی ہم آج یہاں پر موجود ہیں اور ہم نے یہاں پر اقلیتی برادری کے لوگوں سے ملاقات کی ہے اور ان کے مسائل سنے ہیں اور ان کے مسائل کے حل کے لئے ہم نے یہاں پر ڈپٹی کمشنر نارووال کو ہدایات جاری کی ہیں کہ ان کے مسائل کو جلد از جلد حل کیا جائے۔" انہوں نے کہا کہ "ہم نے یہاں پر اقلیتی برادری کے لوگوں سے ملاقات کی ہے اور ان کے مسائل سنے ہیں اور ان کے مسائل کو جلد از جلد حل کیا جائے گا

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 9 دسمبر 2024ء

یکساں صفائی کی سہولت کیلئے متاثر مانیٹرنگ یقینی بنائی جائیگی میاں ذیشان رفیق

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی سربراہی میں حکومت نے پہلی بار شہری علاقوں کے ساتھ دیہی علاقوں میں بھی سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کی سہولت فراہم کرنے کا منفرد منصوبہ متعارف کروایا ہے، وزیر بلدیات



گوجرانوالہ۔ 08 دسمبر 2024 (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) صوبائی وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب، وزیر اعلیٰ مریم نواز کی ہدایات کے مطابق ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کو آؤٹ سورس کرنے کے ماڈل کی کامیابی یقینی بنانے کیلئے پرعزم ہے، شہری و دیہی علاقوں میں یکساں صفائی کی سہولت فراہم کرنے کے لیے ڈویژنل، ضلعی اور تحصیل سطح پر موثر مانیٹرنگ یقینی بنائی جائے گی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے کمشنر آفس میں اعلیٰ سطحی اجلاس کے دوران کیا، کمشنر سید نوید حیدر شیرازی، ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد، ڈپٹی کمشنر گجرات صفدر حسین ورک، چیف ایگزیکٹو گوجرانوالہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی شاہد عباس و دیگر افسران بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنرز نے صوبائی وزیر بلدیات اور کمشنر گوجرانوالہ کو شہرا پنجاب پروگرام پر عمل درآمد بارے بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی سربراہی میں حکومت نے پہلی بار شہری علاقوں کے ساتھ دیہی علاقوں میں بھی سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کی سہولت فراہم کرنے کا منفرد منصوبہ متعارف کروایا ہے، جس کی کامیابی کے لیے ہر سطح پر ٹیم ورک نہایت اہم ہے۔

حاجی مظفر حسین گروپ جو فیصلہ کریگا قبول کرتے ہیں، رانا محمد فاروق

تاجروں میں سیاست کے نہیں بلکہ خدمت کے قائل ہیں، گفتگو

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) شیخوپورہ کے معروف تاجر رانا محمد فاروق نے انجمن تاجران گلی نیکیماں کے سابق صدر حاجی رانا مظفر حسین گروپ میں شمولیت کا اعلان کردیا ہے اور کہا ہے کہ جنوری میں ہونے والے انجمن تاجران گلی نیکیماں کے اجلاس میں حاجی مظفر حسین گروپ جو بھی فیصلہ کرے گا وہ اس کو قبول کرتے ہوئے الیکشن میں بھرپور حصہ لیں گے گلی نیکیماں کے تاجروں کے انفرادی و اجتماعی مسائل کے حل کیلئے حاجی مظفر حسین گروپ نے جو گزشتہ 30 سال سے خدمات سرانجام دی ہیں اس کے پیش نظر انہوں نے اس گروپ میں شمولیت کا فیصلہ کیا ہے، یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز سابق صدر گلی نیکیماں خالد محمود مغل کے ہمراہ منعقدہ اجلاس میں کیا جس میں حاجی عبدالرزاق، عارف مغل پسلوان، حاجی محمد الیاس، ظہور احمد گوندل، رانا خلیل احمد، حاجی حبیب اللہ مغل، عاشق حسین مغل، حاجی محمد اشرف و دیگر نے شرکت کی، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے رانا محمد فاروق نے کہا کہ وہ تاجروں میں سیاست کے نہیں بلکہ خدمت کے قائل ہیں اور خدمت کے جذبہ سے سرشار ہو کر انہوں نے حاجی مظفر حسین گروپ میں شمولیت اور الیکشن لڑنے کا فیصلہ کیا ہے یہ گروپ گزشتہ کئی دہائیوں سے تاجر برادری کے مسائل کے حل کے ساتھ ساتھ ان کے حقوق کے تحفظ اور بازار میں صفائی ستھرائی کے نظام کو بہتر بنانے کیلئے اپنی خدمات سرانجام دے رہا ہے اس موقع پر رانا حاجی مظفر حسین اور خالد محمود مغل نے رانا محمد فاروق کی گروپ میں شمولیت پر ان کا شیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ اس فیصلہ سے ان کا گروپ مزید مضبوط ہوگا اور ان شاء اللہ الیکشن میں یہی گروپ کامیابی حاصل کرے گا۔

ایس ایچ او تھانہ حاجی پورہ کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ڈی پی او سیالکوٹ رانا عمر فاروق کی خصوصی احکامات پر ضلع سیالکوٹ کے مختلف علاقوں میں ڈکیتی اور راہزنی کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کے پیش نظر ڈی ایس پی سٹی سرکل طارق محمود کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ حاجی پورہ انسپکٹر نعمان احمد بٹر نے سی آئی اے پولیس ٹیم کے ہمراہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے سیف سٹی کیمرہ جات کی مدد سے تین رکنی نوشیروان گینگ کو سرغنہ سمیت گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں نوشیروان سکنہ چکوال، آصف سکنہ موڑہ صادق عرف فاروق سکنہ جودے والے شامل ہیں ملزمان الکحہ کے زور پر بنک سے کیش لیکر جانے والے شہریوں سے نقدی، موبائل فون اور دیگر قیمتی سامان چھیننے اور فرار ہو جاتے تھے۔ دوران تفتیش ملزمان سے 10 مقدمات ٹریس ہوئے اور ان کے قبضہ سے مال مسروقہ میں نقدی 13 لاکھ 34 ہزار روپے، 4 قیمتی سمارٹ موبائل فونز اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا الکحہ ناجائز 03 عدد پسٹل 30 بور معہ متعدد گولیاں برآمد کی گئیں۔

ڈی پی او بلال ظفر شیخ نے ضلع پولیس میں تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے

ایس آئی شاہد رفیق کو ایس ایچ او تھانہ صدر شیخوپورہ سے ایس ایچ او شرقپور تعینات کر دیا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او بلال ظفر شیخ نے ضلع پولیس میں تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے، ایس آئی شاہد رفیق کو ایس ایچ او تھانہ صدر شیخوپورہ سے ایس ایچ او شرقپور تعینات کر دیا گیا، آئی پی رب نواز کو ایس ایچ او ڈویژن ڈی آئی پی ٹو بنا دیا گیا، انسپکٹر عاطف بشارت گجر کو ایس ایچ او صدر سے ایس ایچ او ڈویژن، آئی پی منیر بھٹی کو شرقپور سے ایس ایچ او باؤسنگ کالونی، ایس آئی نوید اشرف کو ایس ایچ او ڈویژن سے ڈی آئی پی ٹو، ایس آئی ظہیر عالم کو صدر مرید کے سے ایس ایچ او نارنگ، ایس آئی ثمر عباس کو صدر مرید کے، آئی پی رب نواز کو ایس ایچ او صفدر آباد، ایس آئی جمشید اقبال کو انچارج سی آئی اے سٹی صفدر آباد سرکل اور آئی پی شاہ فیصل کو ایس ایچ او نارنگ سے انچارج سی آئی اے فیروز والہ و مرید کے سرکل تعینات کر دیا گیا جبکہ ان افسران نے گزشتہ روز اپنے عہدوں کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا۔

نوجوان سرعام نشہ آور انجیکشن لگا کر موت کیجانب گامزن

علاقہ تھانہ اگوکی میں منشیات فروشی کا مکروہ دھندہ عروج پر ہے۔ شہریوں کی دہائی

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) شہر اقبال سیالکوٹ کے علاقہ تھانہ اگوکی میں منشیات فروشی و منشیات کے استعمال کے سرعام استعمال سے شہری شدید تحفظات کا شکار ہیں۔ مختلف مقامات میں منشیات فروشی کا مکروہ دھندہ شد و مد سے جاری ہے، جس کی وجہ سے نوجوان نشہ آور انجیکشن و منشیات کا سرعام استعمال کرتے اور ایک دوسرے کو نشہ آور ٹیکے لگاتے دکھائی دیتے ہیں۔ منشیات کے عادی اور نو آموز نشئیوں میں منشیات کے تیزی سے بڑھتے رجحان پر عمائدین شہر جہاں پریشان دکھائی دیتے ہیں وہیں والدین کا کہنا ہے کہ منشیات کا سرعام استعمال دیکھ کر تعلیمی اداروں میں جانے والے بچوں کے والدین اور علاقہ مکین پریشانی میں مبتلا ہیں کہ سرعام ایک دوسرے کو نشہ آور انجیکشن لگانے اور منشیات کا استعمال کرنے والے نشئیوں کے بدترین اثرات مرتب ہو رہے ہیں تو دوسرا علاقہ میں چوری رہزنی کی بڑھتی وارداتوں میں نشئیوں کے ملوث ہونے کے باوجود انکے خلاف قانونی کارروائی کا نہ ہونا بھی اگوکی پولیس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ شہریوں کا ڈی پی او سیالکوٹ رانا عمر فاروق سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔

زیر اہتمام عسکری فرینڈز سوسائٹی 15 ویں اجتماعی شادی تقریب منعقد ہوئی

پام مارکی کینٹ سیالکوٹ میں 25 لڑکیوں کی اجتماعی شادی بخیر و عافیت انجام پائی

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) دی عسکری فرینڈز سوسائٹی سیالکوٹ کے زیر اہتمام 25 بچیوں کی اجتماعی شادی کی 15 ویں سالانہ پروقار تقریب کا اہتمام شیر اقبال سیالکوٹ کی نجی ہاؤسنگ سوسائٹی کی پام مارکی میں بخیر و عافیت انجام پائی۔ ایکسپورٹ سٹی سیالکوٹ کے مخیر شہریوں ناصر اقبال بریار، حاجی اسلم پرویز کھوکھر، شیخ اختر مجید پور آف کھور پر ایویٹ انٹرنیشنل، میاں الطاف ربانی، میجر شرافت علی خان، میاں خالد جاوید، چوہدری جاوید محمد ایڈووکیٹ، چوہدری سمیع اللہ، شیخ فاروق احمد، میاں عارف محمود، رانا امجد محمود اور عامر حبیب بھٹہ جیسے انسانیت کا درد رکھنے والے عمائدین گزشتہ 14 سال سے مفلس افراد کی بچیوں کی شادی خانہ آبادی دی عسکری فرینڈز سوسائٹی سیالکوٹ پلیٹ فارم پر کرا رہے ہیں امسال اس سلسلہ کی 15 ویں اجتماعی شادی کی تقریب منعقد ہوئی جس میں دولہا دلہن کو ضروریات زندگی کی بہترین اشیاء بطور سامان جہیز اور ساتھ میں سلامی وتحائف کیساتھ ڈھیروں دعاؤں کیساتھ رخصت کیا گیا۔ اس موقع پر منتظمین عسکری فرینڈز سوسائٹی سیالکوٹ نے میڈیا ٹاک میں کہا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہم سب مخیر احباب سفید پوش والدین کی بچیوں کی شادی کیلئے اپنے بچوں کی طرح بھرپور انتظامات اور ہر سال اس اجتماعی شادیوں کی تقریب کی باقاعدہ بہتر تیاری اور بھرپور اہتمام کرتے ہیں جس کی خوشی کا اظہار ہم الفاظ میں بیان کرنے سے قاصر ہیں۔

سینیئر صحافی منظور حسین پھول، ڈائریکٹر ایپل سکول ڈاکٹر نعیم خاور کے چچا جان حاجی محمد امین مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے



وزیر آباد (نامہ نگار) سینیئر صحافی منظور حسین پھول، ڈائریکٹر ایپل سکول ڈاکٹر نعیم خاور کے چچا جان حاجی محمد امین مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے جنہیں سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا، نماز جنازہ مفتی محمد عارف پڑھائی، نماز جنازہ میں سیاسی و سماجی شخصیات، منتخب نمائندوں، صحافیوں، وکلاء، تاجر برادری سمیت اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ مرحوم کے قل شریف کا ختم پاک مورخہ 9 دسمبر بروز سوموار بعد نماز عشاء 9 بجے جامع مسجد رحمانیہ محلہ شیرو وزیر آباد میں ہوگا جبکہ مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کے لئے قرآن خوانی اور اجتماعی دعا ہوگی۔

سردی کی لہر نے خشک میوہ جات فروخت کرنے والوں کی چاندی کر دی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) سردی کی لہر نے خشک میوہ جات فروخت کرنے والوں کی چاندی کر دی ہے دوکاندار من مانی قیمتیں وصول کر رہے ہیں انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹیاں بے بسی کی تصویر بن گئی ہیں سردی کی شدت بڑھنے سے خشک میوہ جات کی مانگ اور فروخت بھی بڑھ گئی ہے اور دوکانداروں نے قیمتوں میں خود ساختہ اضافہ کر دیا ہے اور من مانے ریٹ وصول کر رہے ہیں جبکہ انتظامیہ خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہی ہے شہریوں کی طرف سے بارہا شکایات کے باوجود انتظامیہ کوئی نوٹس نہیں لے رہی عوامی سماجی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

محمد بشیر ٹی وی مکینک تاج پلازہ والے کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی



شکر گڑھ (عمران عارف سے) ہر دلعزیز شخصیت محمد شعبان سافٹ ویئر سنٹر تاج پلازہ والے کے والد محترم محمد بشیر ٹی وی مکینک تاج پلازہ والے رضائے الٰہی سے وفات پا گئے ان کی نماز جنازہ مرکزی عیدگاہ میں ادا کر دی گئی نماز جنازہ میں شہر بھر کی سیاسی سماجی کاروباری شخصیات نے شرکت کی نماز جنازہ کے بعد مرحوم کو مرکزی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا مرحوم انتہائی نیک سیرت شخصیت تھے

بانی پی ٹی آئی کا اب کوئی مستقبل نہیں، چوہدری منیب الحق



اوکاڑہ (نامہ نگار/قوت) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے راہنما سابق ایم پی اے چوہدری منیب الحق نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کا اب کوئی مستقبل نہیں، ملکی معیشت درست سمت کی جانب گامزن ہو چکی ہے سول نافرمانی کی تحریک بھی بری طرح ناکام ہوگی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا چوہدری منیب الحق نے کہا کہ پی ٹی آئی کا اسلام آباد میں چڑھائی کا منصوبہ بری طرح ناکام ہوا بانی پی ٹی آئی اور اس کی فیملی جماعت کا اب کوئی مستقبل نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کی جانب سے لاشوں پر سیاست کی جا رہی ہے اور لاشوں کا جھوٹا بیانیہ بنایا جا رہا ہے لاشوں کی سیاست کرنا پی ٹی آئی کا اصل وطیرہ ہے، عوامی مسائل سے فتنہ پارٹی کو کوئی سروکار نہیں ماس نے ہمیشہ جلاؤ گھیراؤ کی سیاست کو فروغ دیا ہے۔

زیر تعمیر مکان میں بیٹھے نوجوان کو تین ملزمان نے تشدد کر کے موت کے گھاٹ اتار دیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) زیر تعمیر مکان میں بیٹھے نوجوان کو تین ملزمان نے تشدد کر کے موت کے گھاٹ اتار دیا جبکہ دوسرا شدید زخمی محلہ غنی پورہ کے جنید کا بھائی ساجد اور کزن عرفان گزشتہ روز محمد ریاض کے زیر تعمیر مکان میں بیٹھے ہوئے تھے کہ اسی دوران ملزمان محمد ریاض، عرفان اور زوہیب مسلح آہنی پیچھ اور ڈانگ آگئے اور آتے ہی دونوں نوجوانوں کو تشدد کا نشانہ بنانا شروع کر دیا جس کے نتیجہ میں ساجد زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر ہی دم توڑ گیا جبکہ اس کا کزن عرفان شدید زخمی ہو گیا پولیس نے دو ملزمان محمد ریاض اور زوہیب کو گرفتار کر لیا اور مقتول کے بھائی جنید کو مدعی بنا کر قتل کا مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے

ایس ایچ او شرقپور نے ضلع پولیس میں تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے

ایس آئی شاہد رفیق کو ایس ایچ او تھانہ صدر شیخوپورہ سے ایس ایچ او شرقپور تعینات کر دیا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او بلال ظفر شیخ نے ضلع پولیس میں تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے، ایس آئی شاہد رفیق کو ایس ایچ او تھانہ صدر شیخوپورہ سے ایس ایچ او شرقپور تعینات کر دیا گیا، آئی پی منیر بھٹی کو شرقپور سے ایس ایچ او باؤسنگ کالونی، ایس آئی نوید اشرف کو ایس ایچ او ڈویژن سے ڈی آئی پی ٹو بنا دیا گیا، ایس آئی ظہیر عالم کو صدر مرید کے سے ایس ایچ او نارنگ، ایس آئی ثمر عباس کو صدر مرید کے، آئی پی رب نواز کو ایس ایچ او صفدر آباد، ایس آئی جمشید اقبال کو انچارج سی آئی اے سٹی صفدر آباد سرکل اور آئی پی شاہ فیصل کو ایس ایچ او نارنگ سے انچارج سی آئی اے فیروز والہ و مرید کے سرکل تعینات کر دیا گیا جبکہ ان افسران نے گزشتہ روز اپنے عہدوں کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا۔

مصطفیٰ آباد: نہ سڑکیں نہ سیوریج، نہ صاف پانی نہ گیس لٹکتی تاریں، اہل دیہہ کی ارباب اقتدار سے نوٹس کی اپیل

ماڈل گاؤں کہلانے والا وڈانہ قصور کا سب سے بدترین گاؤں بن گیا، سیاستدان جھوٹے وعدے، دلاسے دلا کر ووٹ لینے کے بعد منظر عام سے مکمل طور غائب، اہلیان گاؤں آج بھی صدیوں پرانے دور میں جینے پر مجبور

بارہ ہزار سے زائد کی آبادی والے گاؤں کو نام تو ماڈل ویلیج کا دیا گیا تھا مگر گاؤں میں نہ تو صاف پانی کی سہولت موجود ہے اور نہ ہی نکاسی آب کا کوئی بندوبست

مصطفیٰ آباد/لالیانی (نمائندہ قوت فیصل خاں) نہ سڑکیں، نہ سیوریج، نہ صاف پانی، نہ گیس، لٹکتی تاریں، وڈانہ اجوے دیار کا منظر پیش کرنے لگا، جگہ جگہ بدبو، قیادتیں بدلیں نہ بدلے تو وڈانہ کے حالات نہ بدلے، ماڈل گاؤں کہلانے والا وڈانہ قصور کا سب سے بدترین گاؤں بن گیا، سیاستدان جھوٹے وعدے، دلاسے دلا کر ووٹ لینے کے بعد منظر عام سے مکمل طور غائب، اہلیان گاؤں آج بھی صدیوں پرانے دور میں جینے پر مجبور، شہریوں کی اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کی خصوصی اپیل، تفصیلات کے مطابق مصطفیٰ آباد کا نواحی گاؤں وڈانہ آج بھی پرانے زمانے کا منظر پیش کر رہا ہے۔ مین فیروز پور روڈ پر واقع ہونے اور بائیس گاؤں کا ٹاپ ہونے کے باوجود بھی بنیادی سہولیات سے مکمل طور پر محروم ہے۔ گاؤں میں کوئی سوک نہیں ہے۔ اس کے علاوہ جو چھوٹے موٹے راستے موجود ہیں وہ بھی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکے ہیں۔ نالیاں، سوئنگ بھی ابتر حالت میں ہیں، ریگولر صفائی نہ ہونے اور ٹوٹ پھوٹ کی وجہ سے گندہ پانی رستوں پر آجاتا ہے جس کی وجہ سے علاقہ مکینوں کی زندگی اجیرن ہو کر رہ گئی ہے۔ نمازیوں کیلئے اور سکول جانے والے طلبہ و طالبات کیلئے دہرا عذاب بنا ہوا ہے۔ بارہ ہزار سے زائد کی آبادی والے گاؤں کو نام تو ماڈل ویلیج کا دیا گیا تھا مگر گاؤں میں نہ تو صاف پانی کی سہولت موجود ہے اور نہ ہی نکاسی آب کا کوئی بندوبست ہے۔ ہر الیکشن میں سیاستدان آتے ہیں اور ان سہولیات کے ساتھ گیس کی فراہمی کے سبز باغ دکھاتے ہیں مگر الیکشن کے بعد اس گاؤں کا کوئی پرسان حال نہیں ہوتا، کبھی اقتدار بدلے سیاستدان بدلے پارٹیاں بدلیں، مگر اس گاؤں کی حالت نہیں بدل سکی، جگہ جگہ پر بجلی کی لٹکتی تاریں اس علاقہ مکینوں کیلئے الگ عذاب بن چکی ہیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف کے حلقے کا بالکل ساتھ والا گاؤں ہونے کے باوجود ہر طرح کے ترقیاتی کاموں اور بنیادی سہولیات سے عروم ہے۔ اہلیان گاؤں نے وزیر اعظم پنجاب مریم نواز، ڈی سی قصور اور متعلقہ حکام سے اپیل کی ہے کہ خدارا ہمارے مسائل کا نوٹس لیا جائے اور ان کو حل کیا جائے۔

50 ہزار مستحق/اقلیتی خاندانوں کے لیے مالی امداد کے لیے مینارٹی کارڈ پروگرام

صوبہ بھر کے 50 ہزار مستحق اقلیتی خاندانوں کو 10 ہزار 500 سو روپے کی سہ ماہی امداد دینے کا اعلان



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے پنجاب کی تاریخ میں پہلی بار 50 ہزار مستحق/اقلیتی خاندانوں کے لیے مالی امداد کے لیے مینارٹی کارڈ پروگرام کا اجراء۔ صوبہ بھر کے 50 ہزار مستحق اقلیتی خاندانوں کو 10 ہزار 500 سو روپے کی سہ ماہی امداد دینے کا اعلان، مینارٹی کارڈ کے اجراء کے سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حمد اللہ سمیت ضلعی انتظامیہ کے دیگر افسران اور مسیحی برادری کے سرکردہ افراد نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے صوبہ بھر کے مستحق/اقلیتی خاندانوں کے لیے مالی امداد کا تاریخی پیکج شروع کیا گیا ہے۔ ضلع بھر کے مسیحی اور دیگر اقلیتی افراد مینارٹی کارڈ کے حصول کے لیے اپنی رجسٹریشن کروا سکیں گے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ مینارٹی کارڈ کے لیے مسیحی خاندانوں کی رجسٹریشن اور سہولت کے لیے شہر کے تمام چرچز اور گرجا گھروں سمیت بڑے دیہات کے چرچز اور یونین کونسل میں کاؤنٹرز قائم کیے جائیں گے جہاں مسیحی افراد اپنے خاندانوں کی با آسانی رجسٹریشن کروا سکیں گے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ رجسٹرڈ مستحق اقلیتی خاندانوں کو میرٹ کی بنیاد پر 10 ہزار 500 روپے کی سہ ماہی قسط جاری کی جائے گی۔ اجلاس میں شریک مسیحی برادری سے تعلق رکھنے والے سرکردہ افراد نے وزیر اعلیٰ مریم نواز اور حکومت پنجاب کی جانب سے مینارٹی کارڈ پروگرام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے اسکا خیر مقدم کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اس مینارٹی کارڈ پروگرام سے غریب مستحق مسیحی افراد کی مالی معاونت سے ان کی معاشی مشکلات کم ہوں گی۔

مصطفیٰ آباد: اسپائر کالج مصطفیٰ آباد میں ان لائن کمائی کے حوالے سے شاندار تقریب

طلبہ کو تین ماہ میں کم از کم پچاس ہزار روپے تک حاصل کر کے والدین کا سہارا بن سکتے ہیں



مصطفیٰ آباد/لالیانی (نمائندہ خصوصی) اسپائر کالج مصطفیٰ آباد/لالیانی کیمپس میں ان لائن کمائی کے حوالے سے شاندار تقریب کا اہتمام کیا گیا، تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول ﷺ سے کیا گیا، مقررین نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ہم سوشل میڈیا پلیٹ فارم کو استعمال کرتے ہوئے گھر بیٹھ کر کیسے ڈالر کما سکتے ہیں سیکھائیں گے، ہم طلبہ کو تین ماہ کے اندر اندر کم از کم پانچ سو ڈالر کما نا سکھائیں گے، کالج کے ڈائریکٹر پروفیسر حامد بیگ نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ہم طلبہ کے بہتر مستقبل کے لئے کوشاں ہیں، ہم چاہتے ہیں ہم ہمارے طلبہ اپنی تعلیمی سرگرمیاں چلانے اور اپنے شوق پورے کرنے کے لئے والدین پر بوجھ نہ بنیں، مصطفیٰ آباد کی تاریخ میں یہ پہلا پروگرام ہے جس سے والدین کی پریشانیوں کا بھی خاتمہ ہو سکے گا، ہم مصطفیٰ آباد کے ٹیلنٹ کو نکھارنے اور انہیں خوشحالی کی طرف گامزن کرنے کے لئے کوشاں ہیں۔ مصطفیٰ آباد: اسپائر کالج مصطفیٰ آباد/لالیانی کیمپس میں ان لائن کمائی کے حوالے سے شاندار تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول ﷺ سے کیا گیا، مقررین نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ہم سوشل میڈیا پلیٹ فارم کو استعمال کرتے ہوئے گھر بیٹھ کر کیسے ڈالر کما سکتے ہیں سیکھائیں گے، ہم طلبہ کو تین ماہ کے اندر اندر کم از کم پانچ سو ڈالر کما نا سکھائیں گے، کالج کے ڈائریکٹر پروفیسر حامد بیگ نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ہم طلبہ کے بہتر مستقبل کے لئے کوشاں ہیں، ہم چاہتے ہیں ہم ہمارے طلبہ اپنی تعلیمی سرگرمیاں چلانے اور اپنے شوق پورے کرنے کے لئے والدین پر بوجھ نہ بنیں، مصطفیٰ آباد کی تاریخ میں یہ پہلا پروگرام ہے جس سے والدین کی پریشانیوں کا بھی خاتمہ ہو سکے گا، ہم مصطفیٰ آباد کے ٹیلنٹ کو نکھارنے اور انہیں خوشحالی کی طرف گامزن کرنے کے لئے کوشاں ہیں۔ مصطفیٰ آباد: اسپائر کالج مصطفیٰ آباد/لالیانی کیمپس میں ان لائن کمائی کے حوالے سے شاندار تقریب کا اہتمام کیا گیا، تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول ﷺ سے کیا گیا، مقررین نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ہم سوشل میڈیا پلیٹ فارم کو استعمال

سینکڑوں گھرانوں میں ماہانہ راشن بیواؤں میں نقد وظائف کی تقسیم

دورود شریف کامیابی کی ضمانت ہے دورود شریف کو اپنا روزانہ کا وظیفہ بنالیں



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) خانقاہ سید لطیف الحسینیہ المکیہ نصرت آباد چناب نگر میں نومسلمین غربا کے سینکڑوں گھرانوں میں ماہانہ راشن بیواؤں میں نقد وظائف تقسیم کئے گئے پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین انوار ختم نبوت ٹرسٹ پاکستان مولانا قاری محمد رفیق لفیسی مولانا محمد شہباز ندیم نومسلم شمس الدین نے کہا کہ دورود شریف کی ضمانت ہے دورود شریف کو اپنا روزانہ کا وظیفہ بنالیں دنیا و آخرت میں کامیاب ہو جاؤ گے خربائی خدمت سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم احیا والا کام ختم نبوت سے وفاداری رزق میں خیر و برکت کا سبب اور صدقہ جاریہ عظیم عبادت ہے دکھی انسانیت کی خدمت نبی کریم ﷺ کی سنت عظیم عبادت ہے، انوار ختم نبوت ٹرسٹ پاکستان خربا کی خدمت کے لیے دن رات کوشاں ہے نومسلمین کی کفالت نبی کریم ﷺ کی ختم نبوت سے وفاداری ہے تحریک تحفظ ختم نبوت کی معاونت کے لیے مخیر حضرات نومسلمین کی کفالت کے لیے بڑھ چڑھ کے حصہ لیں، انسانیت کا تقاضہ ہے کہ دکھی انسانیت کی خدمت کی جاوے۔ عقیدہ ختم نبوت ایمان کی بنیاد دین کی اساس ہے مسئلہ ختم نبوت پر غیر متزلزل ایمان سے ہی نبی کریم کی ختم نبوت کی شفاعت نصیب ہوگی ایمان مکمل ہوتا ہے تعلیمات نبوی ہے مثال لائق تقلید نمونہ آسوہ حسنہ راہ نجات ہے آخر میں ملکی سالمیت نومسلمین کے ثابت قدم رہنے کے لئے خصوصی دعائیں کی گئیں

دورود شریف کامیابی کی ضمانت ہے دورود شریف کو اپنا روزانہ کا وظیفہ بنالیں

ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل سیکورٹی اور احسان الرحمن اسسٹنٹ ڈائریکٹر ہیڈکوارٹر نے شرکت فرمائی



فیصل آباد (میاں محمد ساجد) سروائیور، پنشن اور انجری بینیفٹ سے متعلقہ رقوم کی ادائیگی اور سوشل سیکورٹی کارڈز (R5) کارڈز) کے اجرا کے سلسلے میں تقریب سوشل سیکورٹی ڈائریکٹوریٹ ویسٹ فیصل آباد میں ڈائریکٹر میاں ذوالفقار علی کے زیر صدارت ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی تقریب میں پروین لطیف انصاری تھوہدر ویمن ورکرز ایسوسی ایشن، ظاہر، آمنہ 'بابا لطیف انصاری پیپرز مین پاکستان لیبر قومی موومنٹ' میاں رب نواز ڈویژنل سیکرٹری جنرل لیبر اینڈ پیپل پنجاب و صدر پاکستان لیبر قومی موومنٹ، راؤ ہارون الرشید ایڈیشنل ڈائریکٹر سوشل سیکورٹی، چوہدری خالد محمود ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل سیکورٹی اور احسان الرحمن اسسٹنٹ ڈائریکٹر ہیڈکوارٹر نے شرکت فرمائی۔ تقریب میں 58 جے بی لہلاں بزدالا روڈ کے پاور لومز ورکروں کو کارڈز اور ہنرمند ٹوکر ملز کمال انڈسٹریز، جے بی پیکیجز کے ورکرز متاثرین کو سروائیور، پنشن و انجری کے واجبات بمعہ ماہانہ پنشن کی رقوم کے بنک چیکس جاری کیے گئے۔ بابا لطیف انصاری اور میاں رب نواز ڈویژنل سیکرٹری میاں ذوالفقار علی اور ڈپٹی ڈائریکٹر چوہدری خالد محمود کی مزدور دوست کوشش و تعاون کو سراہتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا۔ اور محمد سوشل سیکورٹی کو مضبوط کرنے کے عزم کا اظہار کیا، امن گھر انس پاکستان لیبر قومی موومنٹ امید کرتے ہیں کہ فیصل آباد کی گارمنٹس فیکٹریوں و دیگر انڈسٹری سے وابستہ مزدوروں کو بھی جلد سوشل سیکورٹی کارڈ جاری ہوں گے۔

پاکستان کو مسائل کی گرداب سے صرف قائد عمران خان نکال سکتے ہیں، چوہدری خرم اقبال

کوئی بھی ملک مضبوط معیشت کے بغیر ترقی نہیں کر سکتا، جنرل سیکرٹری پی ٹی آئی کا بیان



سمندری (تحصیل رپورٹر) کوئی بھی ملک مضبوط معیشت کے بغیر ترقی نہیں کر سکتا جب تک ملک میں سیاسی استحکام نہیں آجاتا بدقسمتی سے پاکستان میں قرضوں کی ادائیگی اور عام آدمی کا ہی مشکل ہوتا جا رہا ہے ان حالات میں حکمرانوں کو اخراجات کم سے کرنے کی ضرورت ہے، عوام کو بنیادی سہولتوں کی فراہمی حکمرانوں کی اولین ذمہ داری ہے مگر افسوس یہاں میں بری طرح ناکام نظر آتے ہیں، ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف تحصیل سمندری کے جنرل سیکرٹری چوہدری خرم اقبال ایڈووکیٹ نے اپنے بیان میں کیا، انہوں نے کہا کہ کا اظہار انہوں نے کمشنر آفس میں اعلیٰ سطحی اجلاس کے دوران کیا، کمشنر سید نوید حیدر شیرازی، ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد، ڈپٹی کمشنر گجرات صفدر حسین ورک، چیف ایگزیکٹو گوجرانوالہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی شاہد عباس و دیگر افسران بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنرز نے صوبائی وزیر بلدیات اور کمشنر گوجرانوالہ کو شہرا پنجاب پروگرام پر عمل درآمد بارے بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی سربراہی میں حکومت نے پہلی بار شہری عل

DAILY QUWAT
اداریہ ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

مولانا فضل الرحمان کی بھی حکومت کو اسلام آباد پر چڑھائی کی دھمکی

وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کو یقین دلایا ہے کہ مدارس رجسٹریشن بل میں مقررہ ترامیم کے ساتھ منظور کرا لیا جائیگا۔ اس سلسلے میں وزیر اعظم نے گزشتہ روز مولانا فضل الرحمان سے ٹیلی فونک رابطہ کیا اور ان سے مدارس رجسٹریشن بل پر تحفظات دور کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ مولانا فضل الرحمان نے وزیر اعظم کو آگاہ کر دیا کہ ان تحفظات کو آگاہ کرنے کے لئے جمعیت علماء اسلام کے وفد نے وزیر اعظم سے ملاقات کی درخواست کی تھی لیکن ابھی تک ملاقات کا وقت نہیں دیا گیا۔ مولانا فضل الرحمان نے واضح کیا کہ حکومت متفقہ طور پر منظور کئے گئے مدارس رجسٹریشن بل پر ہمارے تحفظات کا ازالہ کرے۔ ہم اپنے موقف پر قائم ہیں اور کسی سودے بازی کے لئے تیار نہیں ہیں۔ اگر حکومت نے ہمارے تحفظات دور نہ کئے تو ہم اپنے احتجاج کو مزید تیز کریں گے۔ ہم اپنے مطالبات کے لئے پر امن احتجاج کریں گے اور اسلام آباد کی طرف مارچ کریں گے۔ ہم نے احتجاج کی کال دے دی ہے اور ہم اسلام آباد کی طرف مارچ کریں گے۔ ہمارے احتجاج کو روکنے کی کوشش نہ کی جائے۔ ہم نے اپنے احتجاج کے لئے 27 نومبر کی تاریخ دی تھی لیکن حکومت نے ہمارے احتجاج کو روکنے کی کوشش کی اور ہمارے کارکنوں کو گرفتار کیا۔ ہم نے احتجاج کو ملتوی کر دیا تھا کہ حکومت سے مذاکرات کریں گے لیکن حکومت نے



پاکستان نے مثبت کردار ادا کیا، شرائط پر کوئی بات نہیں ہوئی، محسن نقوی

پورے پاکستان میں جہاں گراؤنڈ ہیں ان کی حالت بہتر کی جائے گی، میرا دل ہے کہ ڈومیسٹک کرکٹ پر بات کریں، چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ

لاہور (شہروز میاں سے) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے معاملے پر دبئی میں ہونے والا آئی سی سی اجلاس ایک بار پھر منتوی ہوگیا، چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) محسن نقوی نے تصدیق کردی۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ بات چیت چل رہی ہے، جیسے ہی چیمپئنز ٹرافی کے معاملے میں پیش رفت ہوگی آگاہ کریں گے، کوشش ہے وہی ہو جو پاکستان اور بین الاقوامی کرکٹ کے مفاد میں ہو، شرائط پر کوئی بات نہیں ہوگی۔ محسن نقوی نے کہا کہ پورے پاکستان میں جہاں گراؤنڈ ہیں ان کی حالت بہتر کی جائے گی، میرا دل ہے کہ ڈومیسٹک کرکٹ پر بات کریں۔ چیئرمین پی سی بی نے کہا کہ چیمپئنز ٹرافی سے متعلق بہتر فیصلے ہوں گے، بات چیت چل رہی ہے، پاکستان نے مثبت کردار ادا کیا ہے اور کرتا رہے گا، شرائط پر کوئی بات نہیں ہوگی، میں ابھی کچھ نہیں کہہ سکتا، پاکستان معاملے پر مثبت کردار ادا کر رہا ہے، فیصلہ آئی سی سی نے کرنا ہے وہی اعلان کرے گا۔

پاکستان ویمنز ٹیم کی کھلاڑیوں کو سینٹرل کنٹریکٹ کی ادائیگیاں تاحال نہ ہوسکیں

لاہور (این این آئی) پاکستان ویمنز ٹیم کی کھلاڑیوں کو سینٹرل کنٹریکٹ کی ادائیگیاں تاحال نہیں ہوسکی ہیں۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے نومبر کے وسط میں 16 کھلاڑیوں کو سینٹرل کنٹریکٹ دیا تھا، جس میں رواں سال کھلاڑیوں کی تعداد 20 سے کم کرکے 16 کی گئی۔ اس سال کھلاڑیوں کی پرفارمنس کی بنیاد پر سینٹرل کنٹریکٹ میں ردوبدل کیا گیا۔ ان کو 25-2024 کیلئے ایک سال کا نیا کنٹریکٹ دیا گیا ہے۔ رواں سال پی سی بی نے بجٹ 25-2024 کی منظوری کے موقع پر ویمنز ٹیم کی کھلاڑیوں کے سینٹرل کنٹریکٹس میں اضافے کا اعلان کیا تھا۔ تاہم پی سی بی نے ازسرنو جائزہ لینے کے بعد نئے سینٹرل کنٹریکٹ گزشتہ سال کے کنٹریکٹ کے حساب سے دیئے۔

بھارتی ٹیم کسی آئی سی سی ایونٹ میں پاکستان نہیں آتی تو آپ بھی منع کردیں، شاہد آفریدی

بھارتی ٹیم کے پاکستان نہ آکر کھیلنے پر پاکستان کیا کرے؟ شاہد آفریدی نے بتادیا



کراچی (این این آئی) سابق کپتان شاہد آفریدی نے پاکستان کرکٹ بورڈ کو بھارت کے پاکستان آکر نہ کھیلنے کے موقف پر اہم مشورہ دے دیا۔ نجی پینل کی پوڈکاسٹ پر گفتگو کرتے ہوئے بوم بوم آفریدی کا کہنا تھا کہ پرانے بھارتی کھلاڑیوں کے انٹرویوز دیکھیں تو انہوں نے اچھا ماحول بنایا ہے، کرکٹرز چاہتے ہیں کہ کرکٹ کو سیاست سے دور رکھا جائے لیکن اس کا نقصان کھیل کو ہو رہا ہے۔ انہوں نے پی سی بی کو مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ اگر بھارتی ٹیم کسی آئی سی سی ایونٹ میں پاکستان نہیں آتی تو آپ بھی منع کر دیں، منع کرنے والے ہیں تو کریں اور دنیا کو احساس دلائیں۔

بگ بیش لیگ، میلبرن اسٹارز کا پاکستان اسٹیڈ متعارف کروانے کا اعلان

میلبرن (این این آئی) میلبرن اسٹارز نے بگ بیش لیگ میں ایک بار پھر سے پاکستان اسٹیڈ متعارف کروانے کا اعلان کیا ہے۔ 14 دسمبر سے شروع ہونے والی بگ بیش لیگ میں میلبرن اسٹارز کے پہلے چار ہوم میچز میں فینز پاکستان بے میں بیٹھ سکیں گے۔ پاکستانی کرکٹ فینز کے لیے میلبرن کرکٹ گراؤنڈ میں خصوصی اسٹینڈ ہو گا۔ پاکستان کے اسپنر اسامہ میر اس ایڈیشن میں میلبرن اسٹارز کے اسکواڈ کا حصہ ہیں، اس سے قبل حارث رؤف میلبرن اسٹارز کا حصہ تھے۔ میلبرن اسٹارز کا کہنا ہے کہ یہ اقدام پاکستانی کھلاڑیوں کے فینز کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنے اور ان کی کھیل میں دلچسپی بڑھانے کے لیے کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم پاکستانی فینز کو اپنی سپورٹ کے اظہار کا موقع فراہم کرنے کے لیے ہمیشہ سے پُرعزم رہے ہیں۔ میلبرن اسٹارز کے دیگر نمایاں کھلاڑیوں میں آسٹریلیا کے گلین میکسویل، مارکس اسٹوئنس اور انگلینڈ کے بین ڈکٹ شامل ہیں۔ میلبرن اسٹارز کے پہلے چار ہوم میچز 18 دسمبر، 4، 9 اور 19 جنوری کو کھیلے جائیں گے۔

اسپیڈ گن کی غلطی نے محمد سراج کو دنیا کا تیز ترین بولر بنا دیا

دوسرے ٹیسٹ میچ کے پہلے دن اسپیڈ گن میں ٹیکنیکل غلطی دیکھنے میں آئی



نئی دہلی (این این آئی) اسپیڈ گن کی غلطی نے بھارتی فاسٹ بولر محمد سراج کو دنیا کا تیز ترین بولر بنا دیا۔ ایڈیلیڈ میں آسٹریلیا اور بھارت کے درمیان کھیلے جانے والے دوسرے ٹیسٹ میچ کے پہلے دن اسپیڈ گن میں ٹیکنیکل غلطی دیکھنے میں آئی۔ ٹیسٹ میچ کے پہلے دن 24 ویں اوور میں اسپیڈ گن نے محمد سراج کی گیند کی رفتار ناقابل یقین دکھائی جسے دیکھ کر لوگ حیران رہ گئے۔ اسپیڈ گن پر محمد سراج کی گیند کی رفتار 181.6 کے ایم پی ایچ دکھائی گئی۔ دراصل ایسا اسپیڈ گن میں ٹیکنیکل خرابی کی وجہ سے ہوا۔ واضح رہے کہ کرکٹ کی تاریخ میں سب سے تیز گیند پھینکنے کا ریکارڈ پاکستان کے فاسٹ بولر شعیب اختر کے پاس ہے جنہوں نے 161.3 کے ایم پی ایچ کی رفتار سے بولنگ کر کے یہ ریکارڈ قائم کیا تھا۔

ویلنگٹن ٹیسٹ، انگلینڈ کی ٹیم پہلی اننگز میں 280 رنز بنا کر آؤٹ

ہیری بروک کی سنچری، نیوزی لینڈ نے پہلے روز میچ ختم ہونے تک 5 وکٹوں پر 86 رنز بنالئے

ویلنگٹن (این این آئی) ہیری بروک کی سنچری کی بدولت انگلینڈ کی ٹیم میزبان نیوزی لینڈ کی ٹیم کے خلاف تین میچوں کی سیریز کے دوسرے ٹیسٹ میچ کے پہلے روز اپنی پہلی اننگز میں 280 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی، ہیری بروک نے عمدہ بلے بازی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 123 اور اولی پاپ 66 رنز کے ساتھ نمایاں بلے باز رہے۔ کیوی باؤلرز میں سے مچل سمتھ نے چار ولیم ولیم اورورکے نے تین جبکہ میٹ ہنری نے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ نیوزی لینڈ کی ٹیم نے پہلے روز میچ ختم ہونے تک 5 وکٹوں کے نقصان پر 86 رنز بنالئے اور اس کو برطانوی اننگز کا سکور برابر کرنے کے لئے مزید 194 رنز کی ضرورت ہے۔ انگلینڈ کی جانب سے برائیڈن کارس نے دو جبکہ کرس ووکس، گس اٹکنسن اور بین سٹوکس نے ایک، ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ میچ کے پہلے روز 15 وکٹیں گریں۔ یمن ریزرو ویلنگٹن کے مقام پر دونوں ٹیموں کے درمیان تین میچوں کی سیریز کا دوسرا ٹیسٹ میچ شروع ہوا تو میزبان نیوزی لینڈ ٹیم کے کپتان ٹام لیتھم نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا۔ انگلینڈ کی جانب سے کپتان زیک کرولی اور بین ڈکٹ نے اننگز کا آغاز کیا۔ نیوزی لینڈ کی جانب سے ٹم ساؤتھی نے باؤلنگ اٹیک کیا۔ انگلینڈ ٹی کی پوری ٹیم پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 280 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ انگلینڈ کی پہلی چار وکٹیں 43 کے مجموعی سکور پر گر گئی۔ بین ڈکٹ صفر، زیک کرولی 17، جوروٹ 3 اور جیکب بیتھل 16 رنز بنا کر پویلین لوٹ گئے۔ اس کے بعد برطانوی ٹیم کے مایہ ناز بلے باز ہیری بروک نے محتاط انداز میں بیٹنگ کرتے ہوئے اولی پاپ کے ساتھ مل کر صرف پانچویں وکٹ پر 174 رنز کی شراکت داری قائم کی بلکہ اپنے ٹیسٹ کیریئر کی آٹھویں سنچری بھی سکور کرتے ہوئے اپنی ٹیم کی پوزیشن مستحکم بنادی۔

اے ٹی پی اور ڈبلیو ٹی اے کے زیر اہتمام یونائیٹڈ کپ کا تیسرا ایڈیشن 27 دسمبر سے شروع ہوگا

27 دسمبر 2024ء سے 5 جنوری 2025 تک آسٹریلیا کے شہروں پرتھ اور سڈنی میں کھیلا جائے گا

کینبرا (این این آئی) ایسوسی ایشن آف ٹینس پروفیشنلز (اے ٹی پی) اور ویمنز ٹینس ایسوسی ایشن (ڈبلیو ٹی اے) کے زیر اہتمام یونائیٹڈ کپ کا تیسرا ایڈیشن 27 دسمبر سے آسٹریلیا میں شروع ہوگا۔ یہ ٹورنامنٹ 27 دسمبر 2024ء سے 5 جنوری 2025ء تک آسٹریلیا کے شہروں پرتھ اور سڈنی میں کھیلا جائے گا۔ ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد کے لئے تیاریاں عروج پر ہیں۔ جرمنی کی ٹیم ایونٹ میں اپنے اعزاز کا دفاع کرے گی۔ ٹورنامنٹ میں 18 مختلف ممالک کی ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لئے ایکشن میں نظر آئیں گی جن کو چار مختلف گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر گروپ میں تین، تین ٹیموں کو رکھا گیا ہے۔ گروپ اے میں امریکا، کینیڈا اور کروشیا شامل ہیں، گروپ بی میں پولینڈ، جمہوریہ چیک اور ناروے کو رکھا گیا ہے، گروپ سی میں یونان، قزاقستان اور بیلجیم کو رکھا گیا ہے، گروپ ڈی میں اٹلی، اور سوئٹزرلینڈ شامل ہیں، گروپ ای میں چین، دفاعی چیمپئن جرمنی اور برازیل کی ٹیمیں شامل ہیں اسی طرح گروپ ایف میں انگلینڈ، آسٹریلیا اور ارجنٹائن کو رکھا گیا ہے۔ یونائیٹڈ کپ بین الاقوامی آؤٹ ڈور ہارڈ کورٹ میچز اینڈ ویمنز ٹینس ٹورنامنٹ ہے جس کا انعقاد ایسوسی ایشن آف ٹینس پروفیشنلز (اے ٹی پی) اور ویمنز ٹینس ایسوسی ایشن (ڈبلیو ٹی اے) نے کیا ہے۔ آر اے سی ایرینا کین روڈ وال ایرینا میں 27 دسمبر سے شروع ہونے والا ٹورنامنٹ 5 جنوری 2025 کو اختتام پذیر ہوگا۔ ٹورنامنٹ سے کھلاڑیوں کو اپنی اے ٹی پی رینکنگ اور ڈبلیو ٹی اے رینکنگ پوائنٹس میں اضافہ کرنے کا سنہری موقع ہوگا اور ایک کھلاڑی زیادہ سے زیادہ 500 پوائنٹس جیتنے کے قابل ہوسکے گا۔

چیمپئنز ٹرافی، بھارت بھی بھاری قیمت چکائے گا

نئی دہلی (این این آئی) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کیلئے پاکستان بھیجنے سے انکار کرنے والے بھارتی بورڈ (بی سی سی آئی) کو بھی بھاری قیمت چکانا پڑے گی۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق پاکستان نے ہائبرڈ ماڈل پر چیمپئنز ٹرافی پر رضامندی ظاہر کردی ہے تاہم شرط عائد کی ہے کہ 2027 میں بھارت میں ہونے والے آئی سی سی میجز اور ویمنز مقابلے بھی اسی ماڈل کے تحت کھلے جائیں گے۔

چیمپئنز ٹرافی، بھارتی مفاد کیلئے براڈ کاسٹرز کا خط لیک کردیا گیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کی چیمپئنز ٹرافی کھلنے اپنی ٹیم پاکستان نہ بھیجنے پر شروع ہونے والے تنازع کے بیچ براڈ کاسٹرز کا انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کو لکھا گیا خط منظر عام پر آگیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق چیمپئنز ٹرافی کی میزبانی کھلنے اس غیر یقینی صورتحال کے دوران براڈ کاسٹرز اسٹار انڈیا کا چند ماہ قبل آئی سی سی کو لکھا گیا ایک خط سامنے آیا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ انڈین کرکٹ ٹیم کی کرکٹ فینز میں مقبولیت بہت زیادہ ہے اور آئی سی سی کو سب سے زیادہ ریونیو فراہم کرتی ہے۔ بھارتی بورڈ نے اپنے پیسے اور آئی سی سی کے انڈین اسپانسرز کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنی ٹیم کو پاکستان بھیجنے سے انکار کیا اور ہائبرڈ ماڈل کا آپشن دیا تھا جس پر پینرز مین پی سی بی نے سخت موقف اپنایا تھا تاہم اب خط میں بات سامنے آئی ہے کہ اگر بھارتی ٹیم ٹورنامنٹ سے بیک آف کرتی تو انہیں مالی نقصان ہوگا جبکہ پاکستان کے جانے سے ٹورنامنٹ کو کم نقصان اٹھانا پڑے گا۔ آئی سی سی پینرز مین کی کرسی ہے شاہ کو ملتے ہی خط لیک ہونے پر سوال اٹھ رہے ہیں جبکہ اسٹار انڈیا کے خط میں اپنے موقف کی وضاحت کیلئے بتایا گیا ہے کہ چیمپئنز ٹرافی کے میڈیا رائٹس کی مجموعی قیمت 750 ملین امریکی ڈالر ہے، اگر انڈیا ایونٹ سے باہر ہوتا ہے تو آئی سی سی کو 750 امریکی ڈالر میں سے 90 فیصد کا نقصان برداشت کرنا پڑے گا۔ دوسری صورت یہ ہے کہ پاکستان کی ایونٹ میں غیر موجودگی سے یہ نقصان صرف 10 فیصد ہوگا۔ واضح رہے ہائبرڈ ماڈل کے معاملے پر دونوں بورڈز کے درمیان معاملات طے پائے ہیں، جس کے تحت 2027 تک تمام ایونٹس میں پاکستان اور بھارت کی ٹیمیں میچز و ویمنز دونوں مقابلوں میں اپنے میچز دبئی میں کھیلیں گی۔

ماضی کے مقبول گلوکار اور معروف نعت خواں جنید جمشید کو مداحوں سے بچھڑے 8 برس بیت گئے

لاہور (این این آئی) ماضی کے مقبول گلوکار اور معروف نعت خواں جنید جمشید کو مداحوں سے بچھڑے 8 برس بیت گئے۔ جنید جمشید نے میوزک کے شعبے میں بے پناہ مقبولیت حاصل کی، دل دل پاکستان گانے نے انہیں شہرت کی بلندیوں پر پہنچایا، کیریئر کے عروج پر انہوں نے گلوکاری کو خیرباد کہا اور دین اسلام کی خدمت میں مصروف ہوگئے۔ جنید جمشید نے نعت خوانی میں بھی اپنا مقام پیدا کیا، ان کی نعت ''میرا دل بدل دے'' نے نوجوانوں میں خوب مقبولیت حاصل کی، واضح رہے جنید جمشید جہاز کے حادثے میں جاں بحق ہوگئے تھے۔

عامر خان کا اپنی فلم ''ستارے زمین پر'' کی ریلیز کو مڈ 2025 تک ملتوی کرنے کا اعلان

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کے سپر اسٹار عامر خان نے اپنی آنے والی فلم ستارے زمین پر کی ریلیز کو مڈ 2025 تک ملتوی کرنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ خبر ریڈ سی انٹرنیشنل فلم فیسٹیول میں عامر خان نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے دی۔ پہلے یہ فلم دسمبر 2024 میں ریلیز ہونے والی تھی۔ عامر خان نے بتایا کہ یہ فلم 2007 کی مشہور فلم ستارے زمین پر کا تھیم پر مبنی سیکوئل ہے، لیکن اس میں کہانی اور کردار بالکل نئے ہوں گے۔ انہوں نے کہا، یہ مکمل طور پر ایک نئی کہانی اور نئے کرداروں پر مبنی ہے۔ عامر خان نے مزید بتایا کہ فلم کی پوسٹ پروڈکشن کا کام اس ماہ کے آخر میں شروع ہوگا، اور فلم مڈ 2025 تک ریلیز کے لیے تیار ہوگی۔ اداکار نے یہ بھی بتایا کہ وہ ایک تیسرے پروڈکشن پروجیکٹ میں کام کر رہے ہیں، تاہم اس کی تفصیلات ابھی پوشیدہ ہیں۔

فرنچائزز کی پی سی بی کو پی ایس ایل 10 کے ڈرافٹ کی تقریب بیرون ملک کرانے کی تجویز

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے 10 ویں ایڈیشن کے ڈرافٹ کی تقریب بیرون ملک کرانے کی تجویز سامنے آئی ہے۔ ذرائع کے مطابق پی ایس ایل 10 کے ڈرافٹ کے لیے انگلینڈ اور دبئی کا نام سامنے آیا ہے۔ فرنچائزز کی رائے ہے کہ ڈرافٹ بیرون ملک کرانے سے پی ایس ایل کی مقبولیت میں اضافہ ہوگا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ڈرافٹ بیرون ملک کرانے کی تجویز پی ایس ایل کے حوالے سے ہونے والے حالیہ اجلاس میں سامنے آئی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں ڈرافٹ میں نامور کھلاڑیوں کو شامل کرنے پر زور دیا گیا۔

قومی ہاکی ٹیم کے کھلاڑیوں کو ڈیلی الاؤنس کی ادائیگی نہال ہوگئے

اگست اور ستمبر میں 25 روز کا الاؤنس پی ایف ایچ نے فنڈز کی عدم دستیابی پر ادا نہیں کیا تھا

لاہور (این این آئی) قومی ہاکی ٹیم کے کھلاڑیوں کو ڈیلی الاؤنس کی ادائیگی کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق قومی ہاکی ٹیم کے کھلاڑیوں کو 25 روز کا ڈیلی الاؤنس ادا کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ کھلاڑیوں کو ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی کا ڈیلی الاؤنس بھی ادا کیا گیا۔ اگست اور ستمبر میں 25 روز کا الاؤنس پی ایف ایچ نے فنڈز کی عدم دستیابی پر ادا نہیں کیا تھا۔ فنڈز ملنے پر پی ایچ ایف نے 20 ہزار روپے فی دن کے حساب سے ادائیگی کی ہے۔ پی ایچ ایف نے تاخیر میں کھلاڑیوں کا تعاون کرنے پر شکریہ ادا کیا ہے۔ جونیئر ہاکی ٹیم کے کھلاڑیوں کے ڈیلی الاؤنس بھی ادا کر دیے گئے ہیں۔ ہاکی ٹیم کے کھلاڑی نے ڈیلی الاؤنس ملنے پر خوش کا اظہار کیا ہے۔



پشپا 2 نے پہلے دن کی کمائی کے کئی ریکارڈ توڑ دیئے



ممبئی (این این آئی) بھارتی اسٹار اداکار الو ارجن کی فلم پشپا 2 نے ریلیز کے پہلے ہی دن کمائی کے کئی ریکارڈ بریک کردیے۔ دنیا بھر میں 294 کروڑ کا بزنس کرنے والی فلم نے ہندی سرکٹ میں جوان، پٹھان، اینیمل، کے جی ایف اور اسٹری 2 تک کو پیچھے چھوڑ دیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق باکس آفس پر کمائی میں شاہ رخ خان، رنبیر کپور، رنویش کی فلموں کو پچھاڑنے کے بعد ہر طرف پشپا 2 کی بازگشت سنائی دینے لگی۔ الو ارجن اور رشمیکا مندانا کی 2021ء کی سپر ہٹ فلم کا دوسرا حصہ 3 سال کے وقفے سے ریلیز ہوا، فلم کی آمد کے منتظر لوگ لائن لگا کر اسے دیکھنے پہنچ گئے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارت بھر میں فلم نے قریب 175 کروڑ کا بزنس کیا، صرف ہندی سرکٹ سے کمائی 72 کروڑ رہی۔ اس سے قبل ہندی سرکٹ میں پہلے دن کی کمائی کا ریکارڈ جوان کے پاس تھا، جس نے 165 اعشاریہ 5 کروڑ کمائے تھے، دوسرے نمبر پر بھی شاہ رخ خان کی فلم پٹھان رہی، جس نے 55 کروڑ کا بزنس کیا تھا۔ اس فہرست میں چوتھے نمبر رنبیر کپور کی اینیمل جبکہ چوتھے نمبر رنویش کی فلم کے جی ایف اور اسٹری کی پوزیشن چھٹے نمبر پر رہی۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق پشپا 2 نے بھارت میں پریمیئر شو کے دوران ساڑھے 10 کروڑ کی جبکہ پہلے دن ساڑھے 164 کروڑ کی کمائی کی، اس سے قبل ٹرمبل آرنے دنیا بھر میں پہلے دن 223 کروڑ کا بزنس کیا تھا۔

اچھی اداکاری بہت مشکل کام ہے، ہمایوں سعید

ڈرامے کا اپنا انداز ہوتا ہے جو فلم سے بالکل مختلف ہے، معروف اداکار



کراچی (این این آئی) معروف اداکار ہمایوں سعید نے کہا ہے کہ اچھی اداکاری بہت مشکل کام ہے، ڈرامے کا اپنا انداز ہوتا ہے جو فلم سے بالکل مختلف ہے۔ کراچی میں 17 ویں عالمی اردو کانفرنس کے دوسرے دن 'میں ہوں کراچی' کے عنوان سے منعقدہ سیشن میں ہمایوں سعید اور عاصم اظہر نے شرکت کی۔ ہمایوں سعید کا کہنا تھا کہ میں فلم میں کام کرنے کچھلے اس فیلڈ میں آیا تھا، جب آیا اُس وقت فلم انڈسٹری نیچے جا چکی تھی۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت سینما ہال کی حالت اتنی اچھی نہیں تھی، جب حالات کچھ بہتر ہوئے تو میں نے اپنی پہلی فلم بنائی۔ معروف اداکار نے مزید کہا کہ اچھی اداکاری بہت مشکل کام ہے، ایکٹنگ میں جتنی کم ایکٹنگ کی جائے اتنا اچھا ہے۔ دوران سیشن عاصم اظہر نے کہا کہ اردو کانفرنس کی یہ خوبصورتی ہے لوگ آپ کو سنتے ہیں ادب والے لوگ ہیں، ہمایوں سعید جیسے بڑے اداکار کے ساتھ بیٹھا ہوں جو اعزاز ہے۔

پاکستانی ڈراموں میں اتنے پیسے نہیں کہ کچن چل سکے، اداکارہ صحیفہ جبار

میں ایک پٹھان فیملی سے تعلق رکھتی ہوں لیکن اس کے باوجود ہماری فیملی پڑھائی اور شادی کے حوالے سے کسی زور زبردستی کی قائل نہیں

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ صحیفہ جبار خٹک کا کہنا ہے کہ پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری میں اتنے پیسے بھی نہیں کہ گھر کا کچن چل سکے۔ اداکارہ حال ہی میں ایک یوٹیوب شو میں شریک ہوئیں جس دوران انھوں نے کیریئر کے آغاز سمیت ذاتی زندگی کے موضوعات پر گفتگو کی۔ میزبان کے سوال پر اداکارہ صحیفہ نے بتایا کہ 'میں ایک پٹھان فیملی سے تعلق رکھتی ہوں لیکن اس کے باوجود ہماری فیملی پڑھائی اور شادی کے حوالے سے کسی زور زبردستی کی قائل نہیں۔ صحیفہ جبار خٹک کے مطابق 'میں شروع سے ہی پڑھائی میں بالخصوص ریاضی اور اکاؤنٹنگ میں اچھی تھی لیکن شوبز میں آنے کے حوالے سے کبھی نہیں سوچا تھا، یونیورسٹی لائف کے دوران کزن کے فیشن ہاؤس کھلنے ماڈلنگ کی اور پھر یہ سلسلہ شروع ہوگیا، بعد ازاں شادی سے کچھ دن قبل اداکاری کے لیے آڈیشن کی کال آئی اور سلیکشن ہوگئی۔ شوبز کی آمدنی کے حوالے سے کی گئی گفتگو میں صحیفہ جبار خٹک کا کہنا تھا کہ 'ہمارے ڈراموں میں اتنے بھی پیسے نہیں ہیں کہ آپ کا کچن چل سکے۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ اگر کوئی ڈرامہ ایسا ہے جو 4 سے 6 مہینے تک شوٹ ہو رہا ہے تو اس کے چیک بھی اسی دوران آتے ہیں اور پھر یہ معاوضہ اداکاروں کو قسطوں میں ملتا ہے۔ صحیفہ جبار نے مزید کہا کہ 'اگر مجھے صرف ڈراموں پر انحصار کرنا پڑے تو میرا کچن نہیں چل سکتا، یہ صرف اسی وقت ممکن ہے جب میں سال بھر میں 4 پراجیکٹ کروں، روزانہ شوٹنگ پر جاؤں سوشل میڈیا سے بھی آمدنی جاری ہو تب تو میرا کچن چل سکتا ہے۔

ادا کارہ ممتا کلکرنی 25 سال بعد بھارت واپس لوٹ آئیں

ممتا کلکرنی نے وکی گوسوامی کے ساتھ اپنے تعلقات کی وضاحت کردی



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی سابق اداکارہ ممتا کلکرنی 25 سال بعد بھارت واپس لوٹ آئی ہیں۔ 52 سالہ ممتا کلکرنی، جو 1990 کی دہائی میں اپنی شہرت کے ساتھ ساتھ مختلف تنازعات میں بھی میڈیا کی شہ سرخیوں میں رہ چکی ہیں، نے حال ہی میں بھارتی میڈیا کو انٹرویو دیا۔ انٹرویو کے دوران ممتا نے وکی گوسوامی کے ساتھ اپنے تعلقات کی وضاحت کی اور کہا کہ وکی ان کے شوہر نہیں ہیں اور انہوں نے اب تک شادی نہیں کی۔ ان کا کہنا تھا کہ وکی گوسوامی ایک اچھے انسان تھے اور ان کے ساتھ ان کے تعلقات ضرور تھے، لیکن چار سال قبل انہوں نے وکی کو بلاک کر دیا تھا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ فلم انڈسٹری کے کئی لوگ وکی سے ملا کرتے تھے، اس لیے وہ بھی ان سے ملاقات کرتی رہیں۔ تاہم جب انہیں وکی کی حقیقت کا علم ہوا تو انہوں نے ان سے قطع تعلق کر لیا۔ ممتا نے بتایا کہ وکی گوسوامی اس وقت دبئی کی جیل میں ہیں۔ انہوں نے 2012 میں وکی کو جیل سے نکالنے میں مدد کی تھی اور 2016 میں ان سے آخری ملاقات ہوئی، جس کے بعد وکی کو دوبارہ گرفتار کر لیا گیا۔

ریکھا کے ساتھ فلم لڑائی میں کام کرنا خواب کی تعبیر تھی، ارچنا پورن سنگ



ممبئی (این این آئی) دی گریٹ انڈین کپل شو کا مستقل حصہ اور بالی ووڈ اداکارہ ارچنا پورن سنگھ نے اپنی زندگی کے منفرد خواب کی پائیہ تکمیل کا تذکرہ کر دیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق ارچنا پورن سنگھ کے لیے اداکارہ ریکھا کے ساتھ فلم میں کام کرنا ایک خواب کا حقیقت میں ڈھلنے جیسا تھا۔ ارچنا پورن سنگھ نے 1989ء میں فلم لڑائی میں ریکھا کے ساتھ کام کیا اور اس بارے میں سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر طویل نوٹ شیئر کیا۔ انہوں نے دی گریٹ انڈین کپل شو میں لیجنڈ اداکارہ کے ساتھ اسٹیج شیئر کیا اور اس موقع کی تصویر شیئر کی اور اپنے خواب کا ذکر کیا جو پورا ہوگیا۔ ارچنا پورن سنگھ نے مزید کہا کہ وہ بچپن کے دنوں کو یاد کر رہی تھیں جب وہ ایک چھوٹے سے قصبے میں رہتی تھیں، جب میں نے ریکھا کی فلم ساون بادوں دیکھی تو کافی چھوٹی تھی جب مشکل سے ہی یہ امید تھی کہ وہ کبھی ممبئی جا پائیں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ بلاغریہ خواہش پوری ہوئی اور برسوں بعد میں نے ریکھا جی کے ساتھ فلم لڑائی میں کام کیا، اس دوران ریکھا جی نے مجھے اپنے میک اپ روم میں بلایا اور میک اپ کے حوالے سے مشورے دیئے۔

امریکی گلوکارہ ٹیلر سوئفٹ منگنی کرنے کی خواہشمند

نیویارک (این این آئی) امریکی گلوکارہ ٹیلر سوئفٹ اور ان کے بوائے فرینڈ ٹریوس کیلسی منگنی کرنے کے خواہشمند ہیں تاہم دونوں کو اس حوالے سے کوئی جلدی نہیں ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق دونوں شخصیات منگنی کرنے کے حوالے سے جلدی نہیں کر رہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹیلر سوئفٹ ٹریوس کیلسی کے ساتھ ہی کرسمس گزارنے کا منصوبہ بنا رہی ہیں اور امکان ہے کہ آنے والے دنوں میں ٹیلر سوئفٹ اپنے اور ٹریوس کیلسی کے اہل خانہ کے لیے دعوت کا اہتمام بھی کریں گی۔ میڈیا کی رپورٹس کے مطابق 34 سالہ ٹیلر سوئفٹ کا 35 سالہ ٹریوس کیلسی کے ساتھ رشتہ اور معاملات سنجیدہ ہیں، وہ ان کے ساتھ بہت خوش بھی دکھائی دیتی ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ٹریوس کیلسی اچھے اور شریف انسان ہیں۔

روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد ذاکس

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی امیدوار صدر عرفان اللہ وڑائچ کی حمایت کا اعلان

ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کے نامزد امیدوار صدر و وکلاء کے اعزاز میں ناشتہ کا اہتمام



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) سنیئر بار رہنما محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کیجانب سے اپنے ڈیرہ ماڈل ٹاؤن اکوئی میں منعقدہ پرتکلف ناشتہ کی تقریب کے دوران ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کے نامزد امیدوار صدر چوہدری عرفان اللہ وڑائچ کی کھلی حمایت کا اعلان کیا گیا۔ اس موقع پر سابق صدور و نائب صدور و عہدیداران اور امیدوار صدر عرفان اللہ وڑائچ کی حمایت کرنیوالے ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ نے دوران خطاب کہا کہ اللہ کے فضل و کرم سے چوہدری عرفان اللہ وڑائچ کی کامیابی یقینی ہے۔ اس موقع پر اپنے خطاب کے دوران فرزند سیالکوٹ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ بائی نے عرفان اللہ وڑائچ کی کھلی حمایت کا باضابطہ اعلان کرتے ہوئے ایس اینڈ اے کے نامزد امیدوار صدر چوہدری عرفان اللہ وڑائچ و اتحادی گروپس و معزز وکلاء ڈی بی اے کے ساتھ ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر اظہار یکجہتی کیا۔

واپڈا ہائیڈرو یونین کے ڈویژنل عہدیداروں کا نوٹیفکیشن جاری

قائدین کا شکریہ ادا کرتے ہیں ان شاء اللہ اعتماد پر پورا اتریں گے، نامزد عہدیداران

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) ملک عابد علی کھوکھر واپڈا ہائیڈرو یونین کے ڈویژنل چیئرمین مرید کے ملک محمد یاسین ڈویژنل وائس چیئرمین مرید کے اور محمد رضوان افضل دوگل چیئرمین نارنگ ساؤتھ منتخب قائد مزدور خورشید احمد خاں نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا تفصیل کے مطابق لیسکو ہائیڈرو ورکرز یونین نے مرید کے ڈویژن میں ملک عابد علی کھوکھر ڈویژنل وائس چیئرمین ملک یاسین اور چیئرمین نارنگ ساؤتھ رضوان افضل دوگل کا کہنا تھا کہ اعتماد کرنے پر قائدین کا شکریہ ادا کرتے ہیں ان شاء اللہ اعتماد پر پورا اتریں گے یونین کے مسائل کے حل کیلئے تمام کوششیں بروئے کار لا کر عملی طور پر جدوجہد کریں گے۔ ملازمین اور اہل علاقہ دوست احباب کی جانب سے گلاب کے ہار اور مالا پہنا کر مبارکباد دیتے ہوئے مٹھائی تقسیم کی گئی سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے نومنتخب ڈویژنل چیئرمین مرید کے ملک عابد علی کھوکھر ڈویژنل وائس چیئرمین ملک یاسین چیئرمین نارنگ ساؤتھ رضوان افضل دوگل

ڈسٹرکٹ شوگر کین سیس کمیٹی کا اجلاس ڈپٹی کمشنر کی شرکت

کمیٹی نے شوگر کین سیس فنڈز سے 18 اسکیموں کی منظوری دی



چیئرمین (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ شوگر کین سیس کمیٹی کا اجلاس ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کی زیر صدارت ڈی سی آفس میں منعقد ہوا، جس میں کمیٹی ممبران رکن صوبائی اسمبلی تیمور امجد لالی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو رانا محمد عمر، نمائندہ پارلیمنٹیرین سردار ذوالفقار حیدر، اسسٹنٹ کمشنرز، شوگر ملز نمائندگان اور کسان نمائندوں، ایکسین ہائی وے محمد احمد، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ و دیگر متعلقہ محکموں نے شرکت کی، کمیٹی نے شوگر کین سیس فنڈز سے 18 اسکیموں کی منظوری دی جبکہ دو اسکیموں کو فی الحال منظور نہیں کیا گیا، اس موقع پر چیئرمین انتظام جاوید چیمہ، محمد نعیم چیمہ نے السعید سوئٹس اینڈ بیکرز کچہری چوک برانچ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ پلانٹ ہے، انتظامیہ کہنا تھا کہ یکسوں کی کمشنر آفس سے حتمی منظوری کے بعد کام شروع کروا دیا جائیگا۔

السعید سوئٹس اینڈ بیکرز کچہری چوک برانچ کی افتتاحی تقریب

وزیرآباد (نامہ نگار) اشیائے خورد ونوش کو معیار اور صحت کے لئے فائدہ مند طریقے سے بنانے والے تاجر جہاں اللہ تعالیٰ کو راضی کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ضلعی صدر یوتھ ونگ مسلم لیگ (ن) وقار احمد چیمہ، انتظام جاوید چیمہ، محمد نعیم چیمہ نے السعید سوئٹس اینڈ بیکرز کچہری چوک برانچ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

تیز رفتار موٹر سائیکل رکشہ یوٹرن لیتے ہوئے بے قابو ہو کر ویگو ڈالے سے ٹکرا گیا، دو خواتین موقع پر جاں بحق

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تیز رفتار موٹر سائیکل رکشہ یوٹرن لیتے ہوئے بے قابو ہو کر دیگو ڈالے سے ٹکرا گیا جس کے نتیجے میں دو خواتین تین افراد موقع پر جاں بحق جبکہ چار افراد شدید زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق اڈا طبرق اوکاڑہ کینٹ کے قریب تیز رفتار موٹر سائیکل رکشہ یوٹرن لیتے ہوئے بے قابو ہو کر ویگو ڈالے سے ٹکرا گیا جس کے نتیجے میں رکشہ میں سوار دو خواتین سمیت تین افراد موقع پر جاں بحق ہو گئے۔ جبکہ چار افراد شدید زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 ٹیم نے نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا ہے۔

حافظ آباد کے محلہ کشمیر نگر میں فائرنگ کر کے بجلی کے ٹرانسفارمر کو نقصان پہنچانے پر پولیس پانچ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد کے محلہ کشمیر نگر میں فائرنگ کر کے بجلی کے ٹرانسفارمر کو نقصان پہنچانے پر پولیس پانچ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ تھانہ کے ایس ڈی او محمد رمضان کی جانب سے تھانہ میں درج کروائی گئی ایف آئی آر کے مطابق ملزمان ذریاب حمید ذیشان مظہر منور حامد، ثانی اور عبدالرحمان نے گلی قبرستان والی میں فائرنگ کی جس سے گولیاں بجلی کے ٹرانسفارمر میں لگیں اور ٹرانسفارمر سے سارا تیل لیک کر گیا جس سے پورا علاقہ اندھیرے میں ڈوب گیا اور ٹرانسفارمر کا اڑھائی لاکھ کا نقصان ہوا۔ جس پر پولیس نے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔

ڈاکٹر رضوان علی تابش کو ڈی ایچ کیو ہسپتال حافظ آباد میں بطور ایم ایس تعینات

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈاکٹر رضوان علی تابش کو ڈی ایچ کیو ہسپتال حافظ آباد میں بطور ایم ایس تعینات کر دیا گیا۔ اس سے قبل ڈاکٹر رضوان علی تابش منڈی بہاؤالدین میں بطور میڈیکل سپرنٹنڈنٹ اپنے فرائض سرانجام دے چکے ہیں۔

سائرہ افضل تارڑ کو محکمہ پاپولیشن ویلفیئر پنجاب کو کوآرڈینیٹر بنا دیا گیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) سابق وفاقی وزیر صحت سائرہ افضل تارڑ کو محکمہ پاپولیشن ویلفیئر پنجاب کو کوآرڈینیٹر بنا دیا گیا۔ مسلم لیگ کے مقامی رہنماؤں نے سابق وفاقی وزیر صحت سائرہ افضل تارڑ کو محکمہ پاپولیشن ویلفیئر پنجاب کا کوآرڈینیٹر مقرر ہونے پر مبارک باد پیش کی ہے۔

میاں ناصر کا انتقال، سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں سپرد خاک

اہلخانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں، پاکستان عوامی تحریک عہدیداران

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) حاجی ارشد کابینہ اور سیاسی و سماجی شخصیت ممبر امن کمیٹی میاں شفاعت علی اور پاکستان عوامی تحریک کے سوہائی رہنما میاں شرافت علی کے بھائی میاں ناصر انتقال کر گئے جنہیں سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا ان کی وفات پر سٹی پریس کلب نارنگ امن کمیٹی تحریک منہاج القرآن اور پاکستان عوامی تحریک سمیت سیاسی و سماجی شخصیات نے گہرے دکھ اور غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں اہلخانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ کریم مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ اور اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائیں۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں سوالیہ نشان

مضر صحت گوشت کی برآمدگی اور مبینہ بے ضابطگیاں



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) پنجاب فوڈ اتھارٹی آپریشنز ٹیم کی جانب سے 30 ستمبر 2024ء کو گوجرہ روڈ، پیشمرہ پر رحمت اللہ سلاٹرنگ اینڈ سٹوریج پر کارروائی کی گئی۔ اس کارروائی میں ایف ایس او عائشہ تنویر اور اے ایف ایس او عاصمہ مقبول نے بلال سیال، طاہر سیال، اور ان کے ڈرائیور ذیشان کو مضر صحت گوشت فریز کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑا۔ زرائع کے مطابق ملزمان ڈرائیور ذیشان کا تعلق ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز ڈاکٹر قاسم سے بتایا جاتا ہے۔ جس کے باعث کارروائی پر سوالات اٹھائے جا رہے ہیں۔ آپریشن کے دوران قریبی بند سلاٹرنگ یونٹ کو بھی شامل تفتیش کیا گیا۔ جہاں کوئی گوشت یا جانور موجود نہیں تھا۔ تاہم وہاں ایک شخص کو بلا کر مبینہ طور پر مقدمے میں شامل کیا گیا اور پہلے سے بند چلر کو سیل کر دیا گیا۔ دوسری جانب، دوسری فیکٹری سے ہزاروں کلو مضر صحت گوشت برآمد ہوا، مگر ذمہ داروں کو فوری طور پر چھوڑ دیے جانے کی خبریں بھی سامنے آئیں۔ بعد ازاں، 3 دسمبر 2024 کو اطلاع ملی کہ سیل شدہ فیکٹری سے گوشت نکالا جا رہا ہے۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیم جس میں ایف ایس او کنزہ اور اے ایف ایس او زینب ارشد شامل تھیں نے موقع پر چھاپہ مارا اور مبینہ طور پر ملوث افراد کو دوبارہ رنگے ہاتھوں پکڑا۔ تاہم اطلاع کے مطابق کچھ افراد موقع سے فرار ہونے میں کامیاب رہے اور سیل شدہ جگہ سے مزید گوشت نکالا گیا۔

TEVTA پنجاب بریگیڈیئر (ریٹائرڈ) محمد ساجد کھوکھر نے گورنمنٹ محمود خان کالج آف ٹیکنالوجی نارووال کا دورہ



قلعہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) چیئرمین TEVTA پنجاب بریگیڈیئر (ریٹائرڈ) محمد ساجد کھوکھر نے گورنمنٹ محمود خان کالج آف ٹیکنالوجی نارووال کا دورہ کیا۔ ان کے ہمراہ سی ای او اختر عباس بھروانہ اور ریجنل ڈائریکٹر طارق محمود بھی موجود تھے۔ پرنسپل محمد اشرف ناصر اور عملے نے وفد کا پرتپاک استقبال کیا۔ دورے کے دوران وفد نے کلاسز، لیبارٹریز، اور ورکشاپس کا معائنہ کیا اور کالج کو درپیش مسائل کا جائزہ لیا۔ چیئرمین TEVTA پنجاب نے ادارے کو ماڈل کالج میں تبدیل کرنے کے عزم کا اظہار کیا اور فیکلٹی پر زور دیا کہ وہ طلبہ کی کامیابی اور بہتر روزگار کے مواقع فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کریں۔

حکومت نے قبرستان کے لیے 40 کنال اراضی فراہم کر دی، کمشنر گوجرانوالہ

10 کروڑ روپے لاگت سے قبرستان کی چار دیواری، جنازہ گاہ سمیت سہولیات کی فراہمی پر کام شروع

گوجرانوالہ 08 دسمبر 2024ء (نوید بخاری قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حید شیرازی نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب نے حیدری روڈ کے علاقہ میں قبرستان کے لیے 40 کنال اراضی فراہم کر دی ہے، 10 کروڑ روپے لاگت سے قبرستان کی چار دیواری، جنازہ گاہ سمیت سہولیات کی فراہمی کے لیے کام شروع کر دیا گیا ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما و سابق وفاقی وزیر خرم دستگیر خان، ایم پی اے عمران خالد بٹ، ایم پی اے عمر فاروق ڈپٹی کمشنر نوید احمد کے ہمراہ حیدری روڈ پر اس پراجیکٹ کے تفصیلی دورہ کے موقع پر منصوبہ بارے تفصیلات بتاتے ہوئے کیا۔ کمشنر سید نوید حید شیرازی نے کہا کہ علاقہ مکینوں کا عرصہ دراز سے قبرستان کے لیے اراضی فراہم کرنے کا مطالبہ تھا، عوامی نمائندوں کی نشان دہی پر حکومت پنجاب نے اراضی فراہم کرنے کی منظوری دیدی ہے۔

گلوبل یونین آف جرنلسٹس کی رجیم کے اعزاز میں پرتکلف ظہرانے کا اہتمام

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ممتاز صحافی، المصر پرنٹنگو کے سربراہ اور گلوبل یونین کے ایگزیکٹو ممبر غلام شبیر احمد کی جانب سے گلوبل یونین آف جرنلسٹس کی رجیم کے اعزاز میں پرتکلف ظہرانے کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر گلوبل یونین کی رکنیت سازی، الیکشن کی تاریخ اور یونین کے پہلے تاسیسی پروگرام کے انعقاد سمیت مختلف موضوعات پر مفصل تبادلہ خیال کیا گیا۔ ظہرانے کے شرکاء میں چیئرمین ڈاکٹر محمد الیاس بٹ، سینئر وائس چیئرمین حافظ سکندر اعظم، صدر ظاہر قیوم قادری، صدر برائے شعبہ خواتین نوید بخاری، سینئر نائب صدر میاں رفیق مہر، جنرل سیکرٹری محمد اطہر سلطان مغل سمیت دیگر عہدیداران شامل تھے۔ میزبان غلام شبیر احمد نے مہمانوں کی آمد کا شکریہ ادا کیا۔

میاں فضل اللہ ایڈووکیٹ کے صاحبزادے میاں اسد اللہ نے قرآن پاک مکمل حفظ کر لیا



شرقپور شریف (نامہ نگار) میاں فضل اللہ ایڈووکیٹ کے صاحبزادے میاں اسد اللہ نے قرآن پاک مکمل حفظ کر لیا۔ اس بابرکت موقع پر جامعہ مدرسہ دارالمتقین شرقپور شریف میں ایک عظیم الشان محفل پاک کا انعقاد کیا گیا جس میں علماء کرام مشائخ عظام والدین مہمانان گرامی اور طلبہ نے بھرپور شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق جرنلسٹ پریس کلب رجسٹرڈ شرقپور شریف کے لیگل ایڈوائزر میاں فضل اللہ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ کے لخت جگر میاں اسد اللہ نے قرآن مجید حفظ کر لیا اس سلسلہ میں مدرس دارالمتقین میں شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد نعت خوانوں نے حضور اکرم ﷺ کی شان میں عقیدت کے پھول نچھاور کیے۔ اس موقع پر علماء کرام نے حفظ قرآن کی فضیلت اور حافظ قرآن کی عظمت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ حافظ قرآن وہ عظیم ہستی ہے، جس کے دل میں اللہ کا کلام محفوظ ہوتا ہے۔ روز قیامت حافظ قرآن کے سر پر نور کا تاج ہوگا اور اس کے والدین کو عزت و عظمت کے لباس پہنائے جائیں گے۔ علماء کرام نے میاں اسد اللہ کو اس عظیم سعادت پر مبارکباد پیش کی اور ان کے والدین، اساتذہ اور خاندان کی کاوشوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ تقریب میں اساتذہ کرام کو پھولوں کے ہار پہنائے گئے اور ان کی محنت کو سراہا گیا۔ محفل میں شریک تمام مہمانوں اور مدرسے کے طلبہ کے لیے پرتکلف کھانے کا اہتمام کیا گیا۔ آخر میں دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ حافظ اسد اللہ کو قرآن پاک کی تعلیمات پر عمل کرنے اور اسے دوسروں تک پہنچانے کی توفیق عطا فرمائے، اور ان کے والدین اور اساتذہ کے درجات بلند فرمائے۔ یہ روحانی اور ایمان افروز تقریب حاضرین کے دلوں میں دین اسلام کی محبت کو مزید بڑھا گئی۔ شرکاء نے میاں فضل اللہ ایڈووکیٹ اور ان کے خاندان کو اس شاندار کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی۔

زاہد چوہدری ایڈووکیٹ کی شادی میں ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کی شرکت

معزز وکلاء کے ساتھ ہر اہم مواقع پر ساتھ ہیں۔ ملک شہباز احمد اعوان



چوہدری راحت ڈیرہ ونس، میاں مرتضیٰ حسن ایڈووکیٹ، فیصل تیمور سیٹھ ایڈووکیٹ، ملک ظاہر اعوان ایڈووکیٹ، محمد رضوان قادری

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) زاہد چوہدری ایڈووکیٹ کی شادی کنڈھار میرج ہال بجوات میں بخیریت انجام پائی۔ اس موقع پر ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کی روح رواں ملک شہباز احمد اعوان، سیکرٹری جنرل ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ ایڈووکیٹ سمیت معزز وکلاء سیالکوٹ بار اور عمائدین شہر کی کثیر تعداد نے شادی کی پروقار تقریب میں شرکت کی۔ معزز وکلاء ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ نے دولہا کو مبارکباد دیتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

جامع مسجد اہلحدیث میں مشترکہ بین المسالک ہم آہنگی محفل حسن قرآت

علامہ ناصر مدنی اور وکیل صحابہ واہلبیت علامہ نعمان ضیاء فاروقی نے خطابات کیے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) چیف آرگنائزر انجمن شہریاں حافظ عون الباری کی زیر صدارت مرکزی جامع مسجد اہلحدیث میں مشترکہ بین المسالک ہم آہنگی محفل حسن قرآت اور دفاع صحابہ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس میں مذہبی اسکالر مفتی شہباز رسول سعیدی عالمی شہرت یافتہ علامہ ناصر مدنی اور وکیل صحابہ واہلبیت علامہ نعمان ضیاء فاروقی نے خطابات کیے مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قرآن وسنت میں دنیا و آخرت کی بھلائی ہے صحابہ واہلبیت کا راستہ ہی حقیقی طور پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا راستہ ہے کامیابی کیلئے صرف حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چادر ہے اس پر عمل کیے بغیر کسی صورت بھی کامیابی نہیں مل سکتی فرقہ واریت کے خاتمے کیلئے بین المذاہب اور بین المسالک ہم آہنگی انتہائی اہم ہے مشترکہ اسٹیج سے اتحاد امت کیلئے پیغام بھیجا جاسکتا ہے حالات حاضرہ کے مطابق اتحاد امت ناگزیر ہے تمام مذاہب اور مسالک ایک دوسرے کا احترام کریں تو ایک بہترین معاشرہ تشکیل دیا جاسکتا ہے اس موقع پر سردار نعیم رضا مان سیٹھ سعید احمد فاروقی میاں امجد علی قادری محمد خالد چشتی قاری انیس چشتی ظہیر ارشد مغل نواز انصاری حاجی عبداللہ نعیم اللہ سلفی سمیت اہل علاقہ کی کثیر تعداد میں شرکت کی۔

ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب عملی اقدامات کر رہی ہے، ڈپٹی کمشنر

ضلع بھر کی پبلک پارکس کی مکمل بحالی سمیت شہروں قصبوں میں انتظامات کئے جا رہے ہیں



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر ضلع بھر کو سرسبز شاداب اور خوبصورت بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب عملی اقدامات کر رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی متحرک ایجنٹ مہم کے تحت ضلع بھر کی پبلک پارکس کی مکمل بحالی سمیت شہروں قصبوں اور دیہاتوں میں بھی صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے ننکانہ تا کھیڑے کلاں روڈ اور موڑوے انٹرچینج پر جاری تزئین و آرائش اور لگائے جانے والے ہزاروں درختوں کے لیے پرورش کے لیے کیے جانے والے اقدامات کا جائزہ لینے کے لیے دورہ کیا۔ ایس او ضلع کونسل عامر اختر بٹ نے ڈی سی ننکانہ کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ موڑوے انٹرچینج پر نئی بنائی جانے والی دیکم وال کا کام مکمل کر لیا گیا ہے اور مین شاہراہوں پر لگائے جانے والے درختوں کی نگہداشت کو یقینی بنایا جا رہا ہے، پودوں کی بہتر پرورش کے لیے روزانہ کی بنیاد پر پانی اور گوڈی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ پبلک پارکس سمیت دیگر جاری ترقیاتی منصوبوں کی کڑی نگرانی بھی کی جا رہی ہے۔

ضلع بھر میں سپیشل مہم کے تحت پولیس ٹیموں کا مجرمان اشتہاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ریجنل پولیس آفیسر ڈاکٹر محمد عابد خان کی ہدایت پر ضلع بھر میں سپیشل مہم کے تحت پولیس ٹیموں کا مجرمان اشتہاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ پولیس نے گزشتہ ماہ نومبر کے دوران مختلف علاقوں سے 140 مجرمان اشتہاری اور 74 عدالتی مفروران گرفتار کیا۔ گرفتار مجرمان اشتہاریوں میں 16 اشتہاری کیٹیگری اے کے سنگین وارداتوں میں مطلوب تھے۔ ہیومن ریسورس اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے مجرمان اشتہاریوں کو گرفتار کیا گیا۔ سپیشل مہم کے تحت گرفتار مجرمان اشتہاری ضلع پولیس کو قتل، ڈکیتی، چوری، راہزنی سمیت مختلف مقدمات میں مطلوب تھے۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ مجرمان اشتہاریوں کی گرفتاری کو یقینی بنانے کیلئے سپیشل ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ آپ کے علاقہ میں جرائم پیشہ افراد کی صورت میں پولیس ہیلپ لائن 15 یا قریبی پولیس اسٹیشن میں اطلاع دیں۔

ڈی پی او نارووال کی سربراہی میں نارووال پولیس کا سماج دشمن عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

شکر گڑھ (عمران حارث سے) ڈی پی او نارووال کی سربراہی میں نارووال پولیس کا سماج دشمن عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری۔ تفصیلات کے مطابق ڈی ایس شکر گڑھ کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ شکر گڑھ نے منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن میں بدنام زمانہ منشیات فروش عثمان کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے 01 کلو 580 گرام چرس اور پسٹل 07 ایم ایم برآمد کر لیا۔ دوسری کاروائی میں ناجائز اسلحہ ہولڈر رامیر حمزہ کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے پسٹل 30 بور برآمد کر لیا۔

ساہیوال پولیس اقلیتوں کے تحفظ کے لیے کوشاں ہے، ڈی پی او



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم پراے) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے مطابق ساہیوال پولیس اقلیتوں کے تحفظ کے لیے کوشاں۔ اقلیتی برادری کا تحفظ اولین ترجیحات میں شامل ہے ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد کے احکامات پر ضلع بھر میں اقلیتی برادری کی عبادت گاہوں کے تحفظ کے لیے ساہیوال پولیس کی جانب سے فول پروف سکیورٹی انتظامات کیے گئے ہیں اس سلسلہ میں ضلع بھر کے 136 گرجا گھروں میں 300 سے زائد پولیس افسران و اہلکاران سکیورٹی ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے۔

مصطفیٰ آباد: چوروں نے بیوہ خاتون کے گھر کا صفایا کر دیا

مصطفیٰ آباد (علی ملک) چوروں نے بیوہ خاتون کے گھر کا صفایا کر دیا محلہ باغبانچی کی رہائشی خاتون سیماں بی بی گھر والوں کے ہمراہ پریم نگر رشتہ داروں سے ملنے گئی، پیچھے سے چور اس کے گھر کے تالے توڑ کر اندر داخل ہو گئے اور الماری میں پڑی 4 لاکھ 48 ہزار نقدی رقم، 2 تولہ طلائی زیور، راڈو گھڑی، موبائل فون اور 10 سوٹ لے گئے۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔

عدالتی پیشی کیساتھ مزاحمت کر کے ملزم چھڑوانے اور وردی پھاڑنے پر چھ ملزمان کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) عدالتی پیشی کیساتھ مزاحمت کر کے ملزم چھڑوانے اور وردی پھاڑنے پر چھ ملزمان کیخلاف مقدمہ درج، پولیس رپورٹ کے مطابق سول جج سمبڑیال کی عدالت کی پیشی ڈاروق احمد نے ہمراہ ملازم وقاص ڈسکہ کے ذاتی کاموں شمسہ میں چھاپہ مار کر ملزم ظاہر محمود کو گرفتار کیا تو اسی دوران ملزمان سرو، عارف، زاہد اور دو نامعلوم آ گئے جنہوں نے عدالتی پیشی کیساتھ مزاحمت کرتے ہوئے گرفتار ملزم ظاہر محمود کو زبردستی سے چھڑوا لیا اور عدالتی پیشی سے ہتھکڑی چھین کر ملازم وقاص کی وردی پھاڑ دی اور نقدی سات ہزار چار سو بیس روپے چھین کر سنگین نتائج کی دھمکیاں دیتے ہوئے فرار ہو گئے پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

پیٹرولنگ پولیس ضلع اوکاڑا کیجانب سے سرقہ شدہ مال کی برآمدگی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پیٹرولنگ پولیس ضلع اوکاڑا کیجانب سے سرقہ مال کی برآمدگی کا سلسلہ جاری متعدد کارروائیوں کے دوران لاکھوں روپے مالیت کی 05 مسروقہ موٹر سائیکلیں ریکور، ملزمان گرفتار مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق ریجنل انچیف پیٹرولنگ پولیس ایس۔ پی۔ رانا محمد احمد کی خصوصی ہدایات پر عملدرآمد کرتے ہوئے پیٹرولنگ پولیس چوکیات بھومن شاہ، کھوکھر کوٹھی اور میراں شاہ ڈسٹرکٹ اوکاڑا اے گشت افسران سب انسپکٹر کاشف سلیم، اسسٹنٹ سب انسپکٹرز عامر علی اور احمد فراز کنجاب سے ہمراہ ٹیم دوران گرینڈ آپریشن ملزمان 1۔ ذوالفقار علی 2۔ علی احمد 3۔ جنی نواز 4۔ محمد یار 5۔ وقار حسین کے قبضہ سے علاقہ تھانہ جات اقبال ٹاؤن، جنوبی چھاؤنی اوورسیز، صدر، بوہڑ والا اور سٹی ریناله خورد سے لاکھوں روپے مالیتی سرقہ شدہ ہنڈا موٹر سائیکلیں نمبری 4754,OKK-10 PKK-13-225,/FDK-12/

نامعلوم ملزمان نے سکول طالبہ کو اغوا کر لیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) نامعلوم ملزمان نے سکول طالبہ کو اغوا کر لیا تھانہ صدر کے علاقہ گلویاں خورد کے بشارت کی بیٹی گھر سے سکول گئی تو واپس نہ آئی اس نے تلاش شروع کی تو اس کو معلوم ہوا کہ اس کی بیٹی کو نامعلوم ملزمان اغوا کر کے لے گئے ہیں پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

دیپالپور: زمین کا تنازعہ، نامعلوم ملزمان نے تشدد کر ڈالا

پولیس نے محمد یونس کی ٹانگ توڑ دی اور دانت بھی توڑ ڈالے



دیپالپور (زاہد عمران تنجوعہ قوت) دیپال پور فضل الٰہی کالونی سے جو تھانہ سٹی دیپال پور کے حدود میں اتا ہے محمد یونس والد محمد نواز ماہ بھی جن کا زمین کا تنازعہ چل رہا تھا اپ نے ہی چچا کے بیٹے اللہ دتا علی زیب حاجی صفدر سے زمین کا تنازعہ ختم کرنے کے لیے فیصلے کے لیے ڈیرہ عالم شیر بدو فضل الٰہی کالونی میں آ رہے تھے تو راستے میں ملزم اللہ دتا علی زیب حاجی صفدر اور چار نامعلوم تشدد کا نشانہ بنا ڈالا محمد یونس قوم ماہ بھی کی ٹانگ توڑ دی اور دانت بھی توڑ ڈالے اور کافی زخمی کر دیا 15 پر کال کی تو پولیس موقع پر پہنچی ملزم موقع سے فرار ہو چکے تھے اور پولیس نے اپنی کاروائی شروع کر دی محمد یونس کو شدید زخمی ہونے کی وجہ سے 1122 کے ذریعے ٹی ایچ کی دیپال پور میں منتقل کر دیا گیا غریب خاندان کے اعلی کام سے نوٹس کی اپیل

ڈاکوؤں نے لیکٹرک انجینئر سمیت 7 فیکٹری ورکرز سے لاکھوں کی تنخواہیں اور موبائل فونز لوٹ لیے

مصطفیٰ آباد (علی ملک) ڈاکوؤں نے الیکٹرک انجینئر سمیت 7 فیکٹری ورکرز سے لاکھوں کی تنخواہیں اور موبائل فونز لوٹ لیے، ریلوے کالونی لاہور کا رہائشی اور نجی پرائیویٹ ٹرانسفارمر فیکٹری میں بطور الیکٹرک انجینئر کام کرنے والا عقیل احمد اور اس کے ساتھی ورکرز فیکٹری سے تنخواہیں لینے کے بعد رکشہ میں بیٹھ کر گھر واپس جا رہے تھے کہ چارہ منڈی روہی نالہ کے قریب 3 ڈاکوؤں نے انہیں اسلحہ کے زور پر روک لیا اور عقیل احمد سے 1 لاکھ 2 ہزار نقدی اور موبائل فون ودر ورکرز سرفراز سے 71 ہزار نقدی، موبائل فون، جمیل سے 70 ہزار نقدی، موبائل فون حمزہ سے 45 ہزار نقدی، موبائل فون، عثمان سے 34 ہزار نقدی، موبائل فون رشید احمد سے 31 ہزار نقدی، موبائل فون و ساب سے 27 ہزار نقدی، موبائل فون، احمد رضا سے 13 ہزار نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے، پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔

دیپال پور تھانہ حجرہ شاہ مقیم کے علاقے سہتی قبرستان پر پولیس مقابلہ

دیپال پور فائرنگ کے نتیجہ میں ایک خطرناک ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی ہو گیا



دیپالپور (زاہد عمران تنجوعہ قوت) دیپال پور تھانہ حجرہ شاہ مقیم کے علاقے سہتی قبرستان پر پولیس مقابلہ دیپال پور ابتدائی تفتیش میں خطرناک زخمی ڈاکو کی شناخت محمد شاہد کے نام سے ہوئی دیپال پور بین الاضلاعی ڈکیت شاہد راجپوتی اور ڈکیتی جیسے 35 سنگین جرائم میں مطلوب پایا گیا دیپال پور 03 مسلح ڈاکوؤں نے راجووال نہر نزد کھیکے کے نواحی علاقے سے اسلحہ کے زور پر شہری رح

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

تقیہ جات 1

پاکستان کے سفیر خلیل ہاشمی اور ان کی اہلیہ نے بھی سفر مقدم کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف سے کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ کے اعلیٰ سطح وفد نے ملاقات کی۔ سربراہ چینی وفد لن تاؤنے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف اور ان کے وفد کی آمد پر شکریہ ادا کرتے اور دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے اس موقع پر کہا کہ پاک چین دوستی بلندی کی انتہاؤں کی طرف گامزن ہے۔ چین کے اشتراک سے پنجاب کو اقتصادی اور معاشی بلندیوں پر لیجانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب اور پنجاب کے عوام کی طرف سے اہل چین کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔ کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ کے ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل لن تاؤ، قونصلر ساؤتھ ایشین افیئرز مسز لی چین یاؤن، بیورو آف ساؤتھ ایسٹ کے ڈپٹی ڈائریکٹر چن ژانبو ساؤتھ ایشین افیئرز اتاشی، سینگ گویو اور مس چن یو بو اور مس ژو چن یونے استقبال کیا۔ پاکستانی سفارت خانے کے دیگر افسران نے بھی پنجاب کے وفد کے استقبال کیلئے ایئرپورٹ پر موجود تھے۔ سینئر پرویز رشید، سینئر وزیر مریم اورنگزیب، وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ زاہد بخاری، وزراء بلال اکبر، عاشق کرمانی اور دیگر بھی ہمراہ تھے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف چین کے ہسپتال، سکول اور دیگر اداروں کے دورے کریں گی۔

تقیہ جات 2

ڈی آئی کی بلیک میلنگ سیاست کا ایجنڈا تھا۔ انہوں نے اپنے ایک انٹرویو میں قوم کو گمراہ کرنے اور ریاست کے خلاف بلیک میلنگ کے ہتھکنڈے استعمال کرنے کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ قوم کی فلاح و بہبود کی بے توقیری کسی صورت مزید برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے مذاکرات کے لیے مسلسل دروازے کھلے رکھے ہیں لیکن پی ٹی آئی ملک کی فلاح و بہبود کے کسی بھی ایجنڈے پر سنجیدہ بات چیت پر آمادہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی نے ہمیشہ بانی پی ٹی آئی کے لیے این آر او کے حصول پر تو حمایت کی ہے جو ان کی خود غرضی اور مفادات کا واضح اشارہ ہے۔ ایک سوال کے جواب میں رانا احسان نے پی ٹی آئی پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ جان بوجھ کر ملک کو عدم استحکام اور مہنگائی کی جانب دھکیل رہے ہیں۔

تقیہ جات 3

نوجوان نسل ایک ایسے مستقبل کی حق ہے جو کرپشن سے پاک ہو۔ پاکستان آج بین الاقوامی برادری کے ساتھ مل کر اس عہد کی تجدید کرتا ہے کہ اپنی آنے والی نسلوں کے لیے شفاف، مربوط اور جوابدہ معاشرے کے قیام کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ کرپشن اور بدعنوانی ایک ایسا گھناؤنا عنصر ہے جو کسی بھی ملک کی معاشی ترقی کو نقصان پہنچاتا ہے اور معاشرے کے سماجی تانے بانے کو تباہ کر دیتا ہے۔ یہ قوموں کو ان کی صلاحیتوں سے محروم کرتا ہے اور لوگوں کو منصفانہ حکمرانی اور مساوی مواقع کے فوائد سے لطف اندوز ہونے سے روکتا ہے۔ یہ عوامی خدمات کی فراہمی کو بھی بری طرح متاثر کرتا ہے کیونکہ ترقی کے لیے دستیاب وسائل صحیح طور پر استعمال نہیں ہو پاتے۔ اسی وجہ سے معاشرے میں عدم مساوات پیدا ہوتی ہے جو عام شہریوں کی زندگیوں کو متاثر کرتی ہے۔

تقیہ جات 4

